ہو اللہ الغنی

گلدستۂ مصطفوی معروف بہ اشعار عشقی

قولہ تعالیٰ

ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا
إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ
عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ
فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّكُمْ يَرْشُدُونَ

قصیدہ جامع الدعوات حاوی جمیع مطالب و مرادات بدرگاہ حضرت قاضی الحاجات و رافع الدرجات متضمن بیان ایمان و اسلام و اعتقادات و مکارم اخلاق و حسن عادات و اجتناب از کبایر و سیئات و طلب مقاصد صوری و معنوی و سایر حسنات فی الحیات و بعد الممات مع قصاید نعتیہ و مخمس و غزلیات طبعزاد بندہ پرخطا غلام مصطفےٰ متخلص بہ عشقی متوطن محمدآباد بیدر حال ساکن حیدرآباد دکن جو مختصر طور پر طبع کرائے گئے ہیں انشاء اللہ تعالےٰ اگر موقع ہو تو دوسرے قصاید اور غزلیات وغیرہ بھی من بعد طبع کرانا ہوگا۔

کیونکر نہ تازہ تر ہو یہ گلدستہ کی بہار
حمد خدا و نعت نبی کے ہیں اسمیں پھول

در مطبع نور الاسلام طبع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم
انت المعین و ایاک نستعین

قصیدہ جامع الدعوات بدرگاہ قاضی الحاجات طبعزاد بندہ پر خطا غلام مصطفٰے متخلص

رباعی و لہٗ

تکرار زبان ہے قُل ہُوَ اللہُ احَد — اور تذکرۂ جان ہے کہ اللہُ الصمد
بس عقل کا قول لَم یَلِد وَلَم یُولَد ہے — دل کہتا ہے لَم یَکُن لَہٗ کُفُواً احَد

مطلع قصیدۂ جامع الدعوات

بیاں کیا ہو سکے جیسے تری حمد و ثنا یا رب — کہ تیری ذات بے ہمتا ہے بے چون و
کئی ہیں تو ہی نے پیدا یہ سب ارض و سما یا رب — ترے بندے ہیں ہم اور تو ہمارا ہے خدا
نہیں خالق ہمارا کوئی بھی تیرے سوا یا رب — نہیں رازق ہمارا دوسرا ہیں دوسرا
تو اول ہے مگر تجھکو نہیں ہے ابتدا یا رب — تو آخر ہے مگر تیری نہیں ہے انتہا
تو ظاہر ہے نظر آتا نہیں پر ایک جا یا رب — تو باطن ہے کسی جا پہ نہیں ہے پر چھپا
ہے تیری ذات یکتا پاک ہر اک عیب و علت سے — صفاتیں ہیں تری پاکیزہ سب بے انتہا

صفاتین سب تیری جو کچھ ہین ذاتی و قدیمی ہین
قادر ہی توانا تجکو سب باتون کی قدرت ہی
جو کہتے ہین نیک و بد وہ تو سنتا ہی سب بیشک
تو ہی اول و آخر ہوا اون سب کی خبر تجکو
نہین ماں باپ تیرے اور نہ ہے فرزند و زن تنہا
نہین کوئی شریک و ضد و ند نبی ہے محمد تیرا
مقدس او منزہ تو ہر اک وہم و گمان سے ہے
ترے بی اذن یک ذرہ بہی حرکت کر نہین سکتا
تو مالک ہی ترا سب کام حکمت مصلحت سے ہے
زمان سے او مکان سے پاک گرچہ ذات تیری ہے
بنائی تونے یک قطرہ سے کیا کیا گوہر تابان
وجود و جان و عقل و دین زبان و گوش و چشم و دل
فرشتے ہین جو تیرے پاک ہین وہ جرم و عصیان سے
کتابین انبیا پر تونے جو جو کہ ہین نازل کی
صفی اللہ سے لیکر پے بہ پے تا احمد مرسل
محمد مصطفی کو کرکے ختم المرسلین آخر
شفاعت سے محمد مصطفی کی تجکو او سب کو
دعا جو مانگتے ہین تجہسے ہم کر مستجاب اوسکو

تو زندہ ہے ہمیشہ او نہین تجکو فنا یارب
وہی کرتا ہی تو لاریب جو ہے چاہتا یارب
جو کچھ اچھا برا ہی سب وہ تو ہے دیکھتا یارب
ہی جو کچھ ظاہر و باطن ہے وہ تو جانتا یارب
ہی شاہد قل ہو اللہ احد توحید کا یارب
نہین لائق ہے تیری کیف و کم این و متی یارب
ہے عاجز تیری کنہ ذات مین فہم و ذکا یارب
ہی تیرے خلق سے سب خیر و شر اچھا برا یارب
جو کچھ کرتا ہی تو ہی عدل اور کیسا بھلا یارب
مگر حاضر ہی تو ہر وقت اور ہر ایک جا یارب
تری حکمت کو سمجھے یہ ہماری عقل کیا یارب
کرم سے تونے ہمکو نعمتین کیسی کیا عطا یارب
جو تیرا حکم ہوتا ہے وہ لاتے ہین بجا یارب
وہ ہین سچ اور تیرا حکم ہے او نہین لکہا یارب
ہین سب برحق جو کچھ بھیجے ہین تونے انبیا یارب
کلام اللہ تونے اونپہ سے نازل کیا یارب
عذاب حشر و دوزخ سے بچا روز جزا یارب
کلام پاک مین تونے ہی ادعونی کہا یارب

ہر اک اہل عرب ہو فارسی ہو یا کہ ہندی ہو ۔ زبان میں اپنی اپنی ہے تجھی سے مانگتا یا رب

دعا بزبان عربی

اِلٰهِي سَيِّدِي يَا مُرْشِدِي يَا مُقْتَدِي يَا رَب
فَيَسِّرْ كُلَّ عُسْرٍ فَتَجِيبْ دَعْوَاتُنَا يَا رَب ؕ
بِحَقِّ الْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا يَا رَب
تَكَفَّلْ اَمْرَنَا فَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَنَا يَا رَب
اِلٰهِي اٰتِنِي الدَّارَيْنِ مِنْ بِرٍّ وَاِحْسَانٍ
وَنَجِّ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَالسُّوْءِ الْجَزَا يَا رَب
فَارْزُقْ خَيْرَ زَادٍ مِنْكَ يَعْنِي اَحْسَنَ التَّقْوٰى
تَزِدْنِي خَيْرَ عِلْمٍ وَهُوَ عِلْمُ الْاَنْبِيَا يَا رَب
فَاجْعَلْ ظَاهِرًا وَالْبَاطِنَ اَعْمَالَنَا خَيْرًا ؕ
وَهَبْ لِي اَحْسَنَ الْاَخْلَاقِ حِلْمٍ وَالْحَيَا يَا رَب
وَارْزُقْ خَيْرَ رِزْقٍ طَيِّبٍ بَارِكْ لَنَا فِيهِ
وَهَبْ لِي خَيْرَ نِعْمَاتٍ كَثِيْرًا مَا كَفَا يَا رَب
فَاجْعَلْ شَاكِرًا مِنْ قِلَّتِ نِعْمَاتِكَ الْحُسْنٰى
وَاجْعَلْ اَسْعَدًا اِحْفَظْنِي سُوْءَ الْقَضَا يَا رَب
اِلٰهِي عَافِنِي مِنْ كُلِّ آفَاتٍ وَعَاهَاتٍ
اَعِذْنِي مِنْ شُرُوْرِ الْخَلْقِ مِنْ كُلِّ الْبَلَا يَا رَب

نفرح ربنا في الحشر وادخلنا بفردوس
وارزق منك إكراما ودرجات العلى يا رب
أفضنا منك إيمانا وإسلاما وإخلاصا
فأعط منك أمنا والفراغ والغنا يا رب
أعوذ بسمك من شر شيطان وأعداء
نعوذ بسمك من شرك من درك الشقا يا رب
أعوذ بسمك من شر الإفلاس والبخل
نعوذ بسمك من كل هم والعنا يا رب
أنا عبد ضعيف أنت خلاقي ورزاقي
أغثنا عافنا افصل لنا حاجاتنا يا رب
تجاوز عني من كل آثام وعصيان
تقبل توبتي فاغفر لنا وارحمنا يا رب
فاغفر والدي ثم أستادي وأحبابي
لكل مؤمن ثم غلام مصطفى يا رب

دعا بزبان فارسی

تو ئی حاجت روا مقصد روا مطلب روا یا رب — روا کن حاجت ما تو بیازم دعا یا رب
برای جسم و جان مصطفے و مرتضیٰ یا رب — بما خوبی زندگی در دو عالم کن عطا یا رب

برائے ما مہیا کن ہر آنچہ مصلحت دانی — تو از ما مہربان تر بودہ بر حال ما یارب
بمن توفیق طاعت ہمچنین دہ تا بصدق دل — ہر آنچہ حکم تو باشد بجان آرم بجا یارب
بہ نزد ہر کس و ناکس بہ نیازی خود باشم — بحق من بگرد د خاکساری کیمیا یارب
توئی شافی شفا دہ علت و بیماری ما را — توئی درمان مائی درد ما را کن دوا یارب
برائے ما بکن آسان تو ہر اک کار مشکل را — بدست رحمت خود عقدہ ما را کشا یارب
بنور وحدت خود کن منور دیدہ ہائے ما — ببوئے خود مشام جان ما کن عطر سا یارب
نظر بر رحمت خود کردہ رحمت کن بحال من — گناہان کردم و توبہ شکستم بار ہا یارب
بدرگاہت بامید ترحم سائلم اکنون — کریمستی تو من ہستم غریب و بینوا یارب
زیارت کردہ کعبہ ہم مدینہ را روم زانجا — خراسان و نجف ہم کاظمین و کربلا یارب
مرا از گردش گردون بدار اندر پناہ خود — نگہدارم ز آفتہائے دہر فتنہ زا یارب
جزائے دوستی با دوستانم دہ جزائے خوش — سزائے دشمنی با دشمنانم دہ سزا یارب
بروز حشر چون ہنگامہ محشر شود برپا — بدست من بباشد دامن آل عبا یارب
کرم کن روز و شب بر بندہ ناچیز خود عشقی — کرم کن در دو عالم بر غلام مصطفیٰ یارب

دعا بزبان ہندی

مجیب السائلین کوئی نہیں تیرے سوا یارب — تو کر مقبول جو تجھ سے ہماری ہے دعا یارب
بحق مصطفیٰ و اہل بیت مصطفیٰ یارب — تو پورا کر جو ہے ہر اک ہمارا مدعا یارب
ہمارے دل کو دے نور حقیقت سے ضیا یارب — بڑا پھر جلوۂ توحید سے جان کی جلا یارب

رہیں ہم دائما ایسی تری جو لقا یا رب — نظر آوے نہ ہمکو دوسرا مین دوسرا یا رب
ہمارا رب ہی تو ہم ہیں ترے در کے گدا یا رب — جو ہم طالب ہیں دے ہمکو نہ اب در در پہرا یا رب
محبت اپنی ہمکو اسطرح سے کر عطا یا رب — کہ دل جان سے تجہی پہ ہم رہیں ہر دم فدا یا رب
محمد مصطفے اور آل اہلبیت کی ہمکو — ہر اک اصحاب اور انصار کی تو دے ولا یا رب
محبت رتبہ ہو دلمیں ہمارے انکی بہی الفت — جو ہیں سب انبیا اور اصفیا اور اولیا یا رب
جو ہیں سب اہل ایمان بہائی ہیں اونکی بہی الفت دے — کدورت ہو کسی سے بہی نہ کچہ دلمیں ذرا یا رب
دلونکو پہر ہمارے نور سے ایمان و عرفان کے — دلون کو کر ہمارے ہمسر عرش علی یا رب
جو سمجہے تجکو وہ ہمکو عطا کر فہم پاکیزہ — جو پہچانے تجہے ہمکو وہ دے عقل رسا یا رب
بچا ہمکو تو ہر اک اختلاف راہ و مذہب سے — طریقہ تہا جو احمد کا وہی ہمکو بتا یا رب
تعصب اور تکبر سے نجائیں راہ باطل پر — ہمارا دین ہو دین محمد مجتبے یا رب
بچا کر ظلمت کفر و ضلالت سے سدا ہمکو — دکہا دے نور ایمان سے ہمیں راہ ہدا یا رب
ہمیشہ دور رکہہ شرک و جہالت اور بدعت سے — عمل ہو اوسپہ جو ہے سنت خیر الوری یا رب
محمد پیشواے اولین و آخرین جو ہیں تو — رہیں وہ دونوں عالم مین ہمارے پیشوا یا رب
مباح و فرض و واجب اور سنت ہیں جو یہ چارون — عمل کرتے رہیں ہم جان سے اونپر سدا یا رب
اوامر اور حلایل پر ہمارا ہو عمل ہر دم — مناہی اور محارم سے سدا ہمکو بچا یا رب
ہو تفسیر اور حدیث و فقہ سے سب ہمکو آگاہی — عبث ہے علم دنیا علم دینی کر عطا یا رب
زیادہ علم دے ہمکو ہمارا ہو عمل اوسپر — عطا کر ہمکو اخلاق و ورع عدل و تقی یا رب
مرے دلمیں کبہی شیطان نہ کوئی وسوسہ ڈالے — فریب و مکر سے اوسکے مجہے ہر دم بچا یا رب

ہمارے دلکو کر مسرور اور پرنور آنکھوں کو
عبادت کیلیئے تن کو ہمارے دے قوا یارب

عبادت مین تری ہرگز نہ سستی و تساہل ہو
نماز پنجگانہ وقت پر ہووے ادا یارب

نماز فرض و واجب اور نوافل اور تہجد بہی
برابر سب حضور دل سے ہم لاوین بجا یارب

جماعت اور نماز جمعہ کی توفیق دے ہمکو
پڑہین مسجد مین جاکر ہم نمازین بی ریا یارب

نہووے تا قضا دے اتنی فرصت وقت پر پڑہین
نماز فجر و ظہر و عصر اور مغرب عشا یارب

تری تحمید اور تہلیل اور تکبیر ہو لب پر
پڑہون تسبیح زہرا اور درود مصطفی یارب

سدا توفیق دے تو ہمکو قرآن کی تلاوت کی
کلام اللہ کو کردے ہمارا رہنما یارب

رکہین ہم فرض روزے سب کے سب ماہ مبارک کے
بچا رنج و مرض سے تا ہووے روزہ قضا یارب

حلال و پاک دے تو مال تا اوسکی شرایط سے
زکات و حج بیت اللہ بہی ہو ہمسے ادا یارب

برس گر ہو نصاب مال اوس پر دین زکات اوسسے
دے یہ توفیق بہی جب مال تونے ہی دیا یارب

طواف کعبہ و احرام اور احکام سے اوسکے
میسر ہمین یک حج ہو بیت اللہ کا یارب

مدینہ جاکے حضرت کی زیارت سے مشرف ہون
اوسی جا ہمکو رہنے کو ملی تہوڑی سی جا یارب

حضوری رات دن حاصل ہو دربار محمد کی
میسر ہمکو ہو دیدار اونکا دائما یارب

جہاد اکبر و اصغر ہے بنفس و کافر سے
کرین ہم راہ مین تیری بجان و دل غزا یارب

کشادہ کر ہمارے ہاتہہ کو تا راہ مین تیری
کرین خیرات اور صدقات اور جود و سخا یارب

کرون مین کام جو کچہ اوسمین نیت خیر کی ہووے
مرے اعمال مین پیدا نہو ہرگز ریا یارب

حقیقت نور حق کی تا سدا ہمکو نظر آوے
دے آنکہون سے ہمارے پردہ غفلت اوٹھا یارب

بہلے کو ہم بہلا جانین برے کو ہم برا سمجہین
حقیقت ہمپہ ہر اک چیز کی تو کردے وا یارب

بچا رکھ مجکو اور سب اہل ایمان کو ان امرون سے
جو ہے شرک و بغاوت حکم سے تیرے ابا یا رب

بچا ہر اک مسلمان کو گناہان کبیرہ سے
جو ہین بہتان و کذب و غیبت و مکر و دغا یا رب

فساد و ظلم و بدعہدی نفاق و رشوت و غارت
ہے پہر جہوٹی قسم قتل و قذف سرقہ ربا یا رب

عقوق والدین و اکل اموال مسلمان کا
شہادت زور اور تہمت بنتی پہ افترا یا رب

شراب و نشہ پینے سے بچا اور ہزل و بازی سے
کرے دامن نہ آلودہ لواطت اور زنا یا رب

بچا ایذا رسانی غصب چغلی و تمسخر سے
خیانت اور دغل کم تولنا اور ناپنا یا رب

دلون سے سب مسلمانون کے یکسر دور ہو جاوین
غرور و کینہ و بغض و حسد کبر و ریا یا رب

خیال خود پرستی و خودی آئے نہ کچھ دل مین
لگے اس بت پرستی کی نہ کچھ ہمکو ہوا یا رب

نہون ہم پر کبہی غالب یہ خواہشہاے نفسانی
دلون سے ہو ہمارے دور سب حرص و ہوا یا رب

بچا رکھ نفس امارہ سے ہمکو اور ان سب سے
جو ہین غصہ غضب جہل و حمق جور و جفا یا رب

نظر عیبون پہ اپنے ہو کسیکے ہو نہ عیبون پر
بہلا ہم سب کو سمجہین آپکو سب سے برا یا رب

ہین ہم بندے ترے ہی تو ہمارا حافظ و ناظر
بچا آفت سے ہمکو دور کر ہر اک بلا یا رب

ہوئی جو کچھ کہ ہون امراض جسمانی و روحانی
ہر اک علت مرض سے ہمکو تو دیدے شفا یا رب

گنہ سے رکھ جتنا طہارت مین رہین طاعت مین ہمیشہ
زبان و گوش و چشم و دل شکم اور دست و پا یا رب

زبان پر ہو کسیکے حق مین کچھ کلمہ نہ بد جاری
زبان سے نیک باتین شکر ہو تیرا ادا یا رب

برائی ہم مسلمان کی نہ سنین ہرگز نہ کانون سے
کلام پاک اچھی بات تو ہمکو سنا یا رب

نہ دیکھین چشم بد سے مرد و عورت غیر کو ہرگز
ترے آیات قدرت نیک شی ہمکو دکھا یا رب

خیالات بدی ہو اس شیطانی نہون دل مین
بہری دل مین ہو تیرے اور نبی کی ولا یا رب

بچا مال حرام و چیز ناجائز کے کھانے سے ۔۔۔ رہے شکر و قناعت سے شکم میرا بھرا یارب
کسی پر میرے ہاتون سے نہ کچھ ظلم و جفا ہووے ۔۔۔ یہ ہاتون سے سخاوت عدل و نیکی ہو سدا یارب
رہ بد پر کبھی جانے نہ پائین پاؤن یہ میرے ۔۔۔ قدم میرا رہ حق مین رہے ہر دم جما یارب
لباس طاہر و پاکیزہ حسب شرع دے ہمکو ۔۔۔ حلال و پاک دے مشروب و ماکول و غذا یارب
وہ ہمت دے رہون مین دن کو صایم رات کو قایم ۔۔۔ کٹے تیری عبادت مین ہر اک صبح و مسا یارب
کبھی تو ڈر غضب کا ہو کبھی امید بخشش کی ۔۔۔ تری جانب سے ہو دلمین سدا خوف و رجا یارب
خوشی ہو یا غمی ہو ہمکو رکھہ تو صابر و شاکر ۔۔۔ رہین ہم اوس سے راضی ہو جو کچھ حکم قضا یارب
سراسر کر تو ان اوصاف سے آراستہ ہمکو ۔۔۔ جو ہین زہد و طہارت عاجزی صدق و صفا یارب
محبت اور اخلاص و ادب خلق و مروت دے ۔۔۔ امانت اور دیانت راستی مہر و وفا یارب
شجاعت حکمت و عفت حمیت اور تحمل دے ۔۔۔ عطا کر رقت و رفق و ورع حلم و حیا یارب
تانی اور تامل عفو و احسان عدل دے ہمکو ۔۔۔ مدارا رحمت لطف و کرم جود و سخا یارب
عطا کر قوت تخییل و ذکر و حافظہ ہمکو ۔۔۔ دے ہمکو فہم و فکر و عقل اور ذہن و ذکا یارب
دے نیت نیک اور توفیق توبہ اور عبادت کی ۔۔۔ ثبات و حریت علم و یقین حسن ہدیٰ یارب
تواضع اور قناعت شکر و تقوی کر عطا ہمکو ۔۔۔ توکل ہمت و تسلیم اور صبر و رضا یارب
بنے جسکو بنائے تو بگاڑے جسکو بگڑے وہ ۔۔۔ ہمارا کام جو بگڑا ہے دے اوسکو بنا یارب
ادا ہووے حق اللہ و حق الناس جو کچھ ہے ۔۔۔ نبی کا حق ائمہ اور خاص و عام کا یارب
ذو القربیٰ یتیم و جار و مسکین و مسافر کا ۔۔۔ ذو الارحام اور ماں باپ کا حق ہو ادا یارب
رہے زوجہ اطاعت اور رضا مین زوج کو اپنے ۔۔۔ ہر اک عورت کو دے خوف و ادب عفت حیا یارب

نہوا ہمین کبہی صورت جفا و رنج کی پیدا
عطا کر ہمکو تو اولاد صالح مومن و مسلم
ہمارے دوستونکو دین اور دنیا مین رکہہ اچہا
ہو محبت ہو مومنونکی پر نہ کچہ اونکی مذمت ہو
اگر ہو نفع پہونچا ئین نہو ہمسے ضرر اونکو
رہین سب دوست باہم ملکے آپسمین خوش و خرم
جو تجکو چاہتا ہی دل سے بس ہین ہی آپ چاہتے ہون
جو بیگانہ ہی تجہسے اوس سے بیگانہ رہون مین ہی
محبت یا عداوت جس سے ہو تیرے لیئے ہووے
سوا تیرے نہو ہمکو کسی شئی کی کبہی خواہش
ہمارا دل نہ لگجاوے کبہی اس زال دنیا سے
زن و فرزند و مال و زر کی الفت مین نہ پہنس جائین
ہمیشہ چلتے پہرتے بیٹہتے اوٹہتے ہی سوتے دم
جیون مین تیری الفت مین مرون مین تیری الفت مین
رہے باقی نہ کچہ ہمہ مین ذرا بوئے من و مائی
ہمین منظور ہو وہ بات جو منظور ہو تجہکو
ہمین اسطرح سے تو علم باطن معرفت کا دے
شریعت اور طریقت مین ہمین ثابت قدم کردے

موافق شرع کے باہم رہے ربط و خلا یا رب
ہدایت علم دیکر عمر بہی اونکی بڑہا یا رب
ہدایت خیر کی دے کر عدو کا بہی بہلا یا رب
کرین حرص اونکو ہم ہرگز نہون ہمسے خفا یا رب
بہلا ہم اونکا چاہین پر نہ چاہین کچہ برا یا رب
نہووے یار اپنے یار سے ہرگز جدا یا رب
ملا ہے دل مرا جس سے مجہی اوس سے ملا یا رب
ہو اوس سے آشنائی جو ہی تیرا آشنا یا رب
رہے ہر کام مین ہمکو خیال ایسا ترا یا رب
ہمارے دلکو ایسا حب دنیا سے پہرا یا رب
نہون ہم اس بلا مین آکے ہرگز مبتلا یا رب
ہمارا دل رہے تیری محبت مین پہنسا یا رب
ہو ہمین یاد لب پر یا اللہ ہو بر ملا یا رب
تو دیکر عشق مجکو اپنا دیوانہ بنا یا رب
ہمین تو کردے ایسا عشق مین اپنے فنا یا رب
رہین ہم اوس سے راضی ہو جو کچہ تیری رضا یا رب
کہ پائین آنکو ہی ہم نکر تیرا پتا یا رب
حقیقت معرفت اپنی ہمین تو کر عطا یا رب

رہے طاعت میں تن الفت میں دل قربت میں جان ہر دم
فنا فی اللہ ہو کر آپ ہم پائیں بقا یا رب

تو اپنا عشق دیکر جان کو میری سلامت رکھہ
تو اپنا درد دیکر دلکی میری کر دوا یا رب

وہ عشق پاک دے ہمکو کہ جو عشق حقیقی ہے
وہ درد دل دے ہمکو جو کہ ہے عین شفا یا رب

ہماری جان کو بس نور وحدت سے منور کر
ہمارے دل کو سوز درد سے اپنے جلا یا رب

ہماری جان کو رکہہ عشق سے اپنے سدا زندہ
ہمارے دلکو اپنا درد تو دیکر جلا یا رب

ہماری جان تیرے حسن پر ہر دم رہے قربان
ہمارا دل ہو تیرے نام پر ہر دم فدا یا رب

تری ذات مقدس اور صفات پاک کا صدقہ
تصدق انکا جو ہیں تیرے اسماء علا یا رب

بہ جبریل و بہ میکائیل و عزرائیل و اسرافیل
ترے جملہ ملایک کا ہے تجکو واسطہ یا رب

بہ صحف نوح و داؤد و خلیل و حضرت آدم
بہ توریت و بہ انجیل و بہ فرقان ہدا یا رب

بہ آیتہا قرآن ہم برائے سورۂ رحمان و
خصوصًا والقمر والشمس بہر والضحی یا رب

بحق ابو البشر از بہر نوح و موسیٰ و عیسیٰ
بہ ابراہیم و اسمٰعیل و جملہ انبیا یا رب

بحق مصطفےٰ و اہل بیت و عترت طاہر
خصوصًا اونہیں بہر حیدر و خیر النسا یا رب

حسن کہو واسطے بہر حسین و عابد و باقر
بہر جعفر و کاظم علی موسیٰ الرضا یا رب

تقی کا اور نقی و عسکری کا واسطہ تجکو
بحق مہدی ہادی سمی المصطفےٰ یا رب

پئے ازواج اطہار اور پئے اولاد پیغمبر
باصحاب مہاجر ناصرین باوفا یا رب

بہ صدیق و بہ فاروق و بہ ذو النورین و با مولا
ہے ظاہر جنکا صدق و عدل و حلم و اتقا یا رب

پئے اصحاب بدر و صاحبان بیعت رضوان
رضی اللہ جنکے حق میں آیا ہے لکہا یا رب

برائے غوث اور اقطاب اور ابدال حقانی
با وتاد زمانہ بہر جملہ اولیا یا رب

بعجز زاہدان و عابدان راکع و ساجد
بجہد متقین و مہتدین عالم و عارف
بصدق مومنین و مومنات تائب و طاہر
تواضع کا سرافراز ونکی صدقہ عدل شاہان کا
بجسم لاغر زاہد بقلب ابوذر عارف
بگوش حق نیوش و چشم حق بین و لب حق گو
بہجر جان ستان ہم بوصل یار جان پرور
بآبندہ دل نالان باشک دیدہ گریان
محبت دیکے ہمکو اپنی اور محبوب کی اپنے
اوٹھا دنیا سے با ایمان تا ہو خاتمہ اچھا
چھپا تو میرے عیبوں کو نکر رسوا دو عالم میں
تو ستار ہے تو غافر ہے چھپا کر بخشدے سارے
بہت عاصی ہوں میں پر تجھسے ہی امید رحمت کی
ہر اک میرا گنہ تو بخشدے اور بخشدے اونکو
جو ہوویں اہل ایمان مرد و عورت بخش اونکو بھی
ترقی اور ہدایت امت احمد کو دے ہر دم
ہمارے نخل ایمان میں ہون نیکی کے ثمر پیدا
دم مردن زبان پر کلمہ طیب رہے جاری

بشکر شاکرین و ذاکرین و اذکیا یارب
بسعی صالحین و بہر صدق اصدقا یارب
بفضل مسلمین و مسلمات و اتقیا یارب
بجود مفلس و زہد جوانان پارسا یارب
بہ بطن خالی صایم بصدر پر ضیا یارب
بفہم حق شناس و ہم بعقل حق نما یارب
بعشق دلگداز و ہم بحسن مہ لقا یارب
بسوز عاشق بیجان بدرد لا دوا یارب
ہمارا دین اور دنیا میں تو کردے بھلا یارب
یہی تجھسے ہمیشہ ہے ہماری التجا یارب
نہیں تجھسے چھپا کوئی ہمارا ماجرا یارب
خطائیں اور گنہ جو کچھ کہ ہین ہمنے کیا یارب
ہمارے بخشدے سارے گنہ جرم و خطا یارب
جو ہیں مان باپ میرے اور عزیز و اقربا یارب
جو کوئی اونمین ہو زندہ جو ہو اونمین موا یارب
رہے اسلام کا گلشن سدا پہولا پھلا یارب
ہمارے باغ کو امید کی کردے ہرا یارب
وظیفہ ہو یہی کلمہ ہمارا دائما یارب

بچا مرگ مفاجات و قضاے ناگہانی سے
ندرے امراض مہلک مثل طاعون و وبا یارب

گر اسان نزع کی سب سختیون کو ایسی حالت مین
فقط تیری طرف ہو دل ہمارا ہوئیگا یارب

فرشتون سے کہون مرقد مین ہے اللہ رب میرا
محمد ہے نبی اسلام دین حق مرا یارب

الٰہی پھر ہماری قبر کو تو نور و خوشبو سے
ہو میری قبر مین جنت کا دروازہ کھلا یارب

عذاب قبر و حشر و نشر اور خورشید و میزان سے
عبور پل صراط و نار دوزخ سے بچا یارب

بچا طبقات دوزخ سے سعیر و ہاویہ جو ہے
جحیم و ہم سقر حطمہ جہنم اور لظیٰ یارب

سرون پر حشر مین سایہ محمد کے علم کا ہو
رہین ہم نیچے اوسکے محمد کا جو ہے لوا یارب

وہان سے ہمکو کر پھر گلشن فردوس مین داخل
ہر اک رنج و عذاب و فکر سے کر کے رہا یارب

مطہر آب کوثر کا وہ بھر کر جام صافی مین
ہمین تو ہاتھ سے ساقی کوثر کے پلا یارب

کرم سے اپنے اور لطف و شفاعت سے محمد کے
ہمین کر باغ جنت کی ہر اک نعمت عطا یارب

بیان نعمات جنّت

جنان کی وہ چمن بندی و جنت کی فضا یارب
وہ خوشبو خلد کے پھولون کی وہ ٹھنڈی ہوا یارب

وہ اشجار بہشتی اور وہ ہر جا سایہ طوبیٰ
وہ طایر حمد مین ہر شاخ پر نغمہ سرا یارب

وہ میوے خلد کے انجیر اور انگور وہ تازہ
وہ رمان اور وہ سیب خوش و خرما با مزا یارب

وہ خوش نہرین شراب و شیر و شہد و آب شیرین کے
وہ پانی سلسبیل کوثر و تسنیم کا یارب

وہ قصر گوہر و یاقوت وہ تختے زمرد کے
وہ فرش قاقم و دیبا ہر اک جا پر بچھا یارب

شباب نو کی وہ حالت وہ نور مہر سے طلعت
وہ غلمان بہر خدمت اور وہ حورین دلربا یارب

وہ ملبوس حریر و سندس و استبرق زیبا / عبائیں وہ قبائیں وہ قمیصیں اور وہ ردا یارب
وہ ازواج مطہر اونکا وہ ملبوس وہ زیور / وہ سر پر تاج پر گوہر وہ حسن جان فزا یارب
وہ چہرے نور کے زیبا وہ تن نازک وہ دست و پا / وہ کنگن سونے اور چاندی کے وہ اونکی ضیا یارب
وہ اونکا طرز معشوقی وہ اونکی نرمی و شوخی / تبسم اونکا وہ اور اونکا وہ ناز بجا یارب
وہ ذکر و شکر نعمت اور وہ باتین محبت کی / اشارے اونکے وہ اور اونکی وہ پیاری ادا یارب
وہ شان حق جمال اونکا وہ خوبی وہ کمال اونکا / ہمیشہ وہ وصال اونکا وہ لذت وہ مزا یارب
سوا اونکے وہ نعمت جو نہ گذری دل پہ انسان کے / نہ انکھوں نے کبھی دیکھا نہ کانون سے سنا یارب
پلا وہ ساغر اطہر مئے پاک و طہورا کا تو / سرور جان و دل جس سے کہ ہووے انتہا یارب
رہین آنکھین ہماری دیکھتی ہر دم طرف تیرے / بڑی نعمت ہے یہ دیدار تو اپنا دکھا یارب
ترا جلوہ جو دیکھین پھر نہ جنت کی بھی پروا ہو / رہین ایسے سدا ہم بس ترے محو لقا یارب
سنادے ہمکو مژدہ اپنی خوشنودیکا پھر اوسدم / بڑی نعمت ملی ہمکو جو تو راضی ہوا یارب
عطا کر دین اور دنیا کی ساری نعمتین ہمکو / بحق مصطفےٰ و آلہ صلے علے یارب
ملایک سب کہین آمین ہم جب یہ دعا مانگین / پذیرا ہو ہماری اور ملایک کی صدا یارب
اٹھا کر دست دعوت جو کہ تجھسے مانگتے ہین ہم / وہ سب بر لا مرا اور مومنون کا مدعا یارب
سوا انکے ہے جو جو دل مین مطلب جانتا ہے تو / وہ سب مطلب مرا اور مومنون کے کر روا یارب
کیا ہے نامور دنیا مین جیسا تو نے عشقی کو / اوسے عقبی مین بھی کر دے غلام مصطفےٰ یارب
صلہ مین لونگا مین جنت سناکر حشر مین اسکو / مرے دفتر مین ہوگا یہ قصیدہ بھی لکھا یارب

تمت من ید احقر العباد غلام مصطفےٰ متخلص بہ عشقی

قصیدۂ دوم

ہے بیان حق وہ جو کچھ ہے بیان مصطفےٰ
ہے زبان اللہ کی گویا زبان مصطفےٰ

کیا بیان مجھسے حقیقت ہو شان مصطفےٰ
عرش اعلیٰ سے ہے اعلیٰ تر مکان مصطفےٰ

حق تعالیٰ جانتا ہے جو ہے شان مصطفےٰ
جز خدا کوئی نہین ہے رتبہ دان مصطفےٰ

ہو سکیگا ہمسے کیا وصف و بیان مصطفےٰ
خالق کون و مکان ہے مدح خوان مصطفےٰ

ہے زمین کوئے والا آسمان ہفتمین
پایۂ عرش علا ہے آستان مصطفےٰ

نور ذات کبریا نور محمد ایک ہے
عاشقان کبریا ہین عاشقان مصطفےٰ

دوست کا جو دوست ہی ہوتا ہے وہ بھی ایکدوست
دوستداران خدا ہین دوستان مصطفےٰ

راست ہی یہ راہ جو ہے شاہراہ احمدی
جائینگی جنت کو سیدھے پیروان مصطفےٰ

ہین رہ حق پر وہی بیشک قسم اللہ کی
منزل دنیا مین جو ہین پیروان مصطفےٰ

یہ خدا کو جانتے ہین حق سے انکو جانتا
یہ ہین حق کے رازدان وہ رازدان مصطفےٰ

مہر حق کی انپہ ہے اور مہر انکی ہمپہ ہے
یہ ہین ہمپر مہربان حق مہربان مصطفےٰ

عالم دین صوفی و عارف یہ سب پاتے ہین فیض
گرم ہے سارے زمانے مین دکان مصطفےٰ

ہے انہین کے در سے ملتی جسکو نعمت ملتی ہے
جسکو دیکھو ہے یہان ہین میہمان مصطفےٰ

لوٹ لی وہ دولت دین جسکا جی چاہے یہان
مفت مین ملتا ہے گنج شائیگان مصطفےٰ

دولت دنیا نہین کچھ مال اونکے سامنے
مالکان ملک دین ہین بندگان مصطفےٰ

راہ حق اوسکو ملی جو راہ پر انکی چلا
پا گیا خالق کو جو پائے نشان مصطفےٰ

کیا کوئی جانے کہ کیا ہے انکی قدر و منزلت
خالق ہر دو جہان ہے قدردان مصطفےٰ

عرش اعلا ہے جو ہے اک گوشہ بام نبی   چرخ اول ہے یہ پہلی نردبان مصطفےٰ

آسمان اولین ادنا ہے اک ادسکا حباب   اسطرح بیٹا ہے بحر بیکران مصطفےٰ

عالم کون و مکان سے ادسکو کچھ نسبت نہین   دونون عالم سے بہی برتر ہے جہان مصطفےٰ

ہے اگر چرخ چہارم پر مسیحا کا مقام   عرش اعلا ہی مقام و آستان مصطفےٰ

باعث ایجاد یہ وہ خالق ایجاد سے ہے   فرق ہہ خالق مین ہے اور درمیان مصطفےٰ

وہ جو کچھ چاہا خدا نے کر دیا ادنکو عطا   اے خوشا بخت و نصیب کامران مصطفےٰ

جانتے ہین ہونٹ سنکر سب فصیحان عرب   ہے فصاحت مین عجب شیرین زبان مصطفےٰ

کفر کی جا رایت اسلام کرتا ہے علم   ناصب دین ہمت کشورستان مصطفےٰ

عدل پابند ظلم سے نوشیروان کا ہو گیا   دادگستر جب ہوے ہین پیروان مصطفےٰ

خلقت عالم ہے لشکر اور نشان ہے آفتاب   ہے سپہر نیلگون فیل نشان مصطفےٰ

کفر کا سر ہے حسام شاہ دین سے کٹ گیا   گر گئی ہے دلمین دشمن کے سنان مصطفےٰ

کہل سکے جو عقل کل سے بہی نہ عقدے راز کے   کہولتی ہے ادنکو عقل نکتہ دان مصطفےٰ

ہے زمانہ آپکا خیر القرون دیکہو حدیث   خوب تہا سارے زمانون سے زمان مصطفےٰ

صاحبہ و ستاکر نہ پایا پہر کوئی انکی طرح   بارہا کرکے خدا نے امتحان مصطفےٰ

انکو اللہ نے کیا ہے رحمۃ للعالمین   رحمت حق ہے ہمیشہ تو امان مصطفےٰ

حق تعالے خود بنا کر انکو عاشق ہو گیا   حیرت افزا کیا ہے حسن بستان مصطفےٰ

کر دیا ہمکو خدا نے عاشق حسن رسول   دل سے جائیگا نہ عشق جاودان مصطفےٰ

شوق ہے دلمین کہ آنکہونکو ملون دلپذیر سے   مجکو دکہلا دے الٰہی آستان مصطفےٰ

نام سے اللہ کے نام محمد ہے ملا تو
ہے عیاں کلمہ سے بس قرب و قران مصطفےٰ

جو لوای حمد ہی اور ہیں شہ مردان علی
یہ نشان بردار ہے وہ ہی نشان مصطفےٰ

جان نثاری کو سمجھتے تھے وہ ہی ایک کھیل
اسطرح اہل وفا تھے یاوران مصطفےٰ

آسمان فیض کے ہیں مصطفےٰ ماہ منیر
ہیں ہدایت کے ستارے پیروان مصطفےٰ

تھی نہ کچھ دشمن سے بھی دلمیں کدورت او غبار
صاف تھا ایسا دل آئینہ سان مصطفےٰ

رنج جو پہونچا صواب اوسکا زیادہ ہو گیا
نفع سے خالی نہ تھا جو تھا زیان مصطفےٰ

صاحب ایمان ہوا شیطان بھی انکی فیض سے
اہل ایمان ہیں تمامی انس و جان مصطفےٰ

انگلیوں سے نہر جاری ہو گئی تھا معجزہ
سب کو کافی ہو گیا اب روان مصطفےٰ

چومتے اسکو بھی ہیں زوار حاجی کسطرح
سنگ اسود ہے یہ سنگ آستان مصطفےٰ

تھے یہ امی دیکے اپنے فضل سے علم لدن
کر دی رب پاک نے خاطرنشان مصطفےٰ

حق نے اپنے نور اقدس سے انہیں پیدا کیا
کیا جدائی ہے میان حق میان مصطفےٰ

جان کو ملتا ہے ہر دم اسکے سننے سے مزا
گوش دل سے چاہیئے سننا بیان مصطفےٰ

کیا ضرورت مانگنے کی انکو ہی پھر غیر سے
ہے خدا حاجت روا و کامران مصطفےٰ

بات میں مردہ دلوں کو بخشتے ہیں یہ حیات
رشک عیسیٰ ہیں لب معجز بیان مصطفےٰ

ساغر الفت پیا انکا جو ہیں روز ازل
مست ہیں جام ولا سے میکشان مصطفےٰ

دیکھکر قربان ہے دل وہ رخ وہ گیسو اور وہ حسن
وہ عمامہ وہ عبا وہ طیلسان مصطفےٰ

جلوہ گر ہوتا ہے آنکھوں میں جو میرے نور حق
بیخودی میں مجکو ہوتا ہے گمان مصطفےٰ

بعد حق یہ افضل و اکمل ہیں سارے خلق سے
دوسرا ہیں اک نہیں کوئی بسان مصطفےٰ

پیروی ہے مصطفےٰ کی پیروی اللہ کی — طالبان حق ہین جو ہین طالبان مصطفےٰ

حج اکبر کے برابر ہے زیارت آپکی — حاجی بیت الحرم ہین زایران مصطفےٰ

حق مین انکے کلمہ لولاک خالق نے کہا — حبذا کیا پیش حق ہے عز و شان مصطفےٰ

قرب حق انکے سوا ایسا کسے حاصل ہوا — لی مع اللہ سے ہے ظاہر اقتران مصطفےٰ

جا نہین سکتے فرشتے جس جگہہ پہ وان گئے — مرحبا و حبذا تاب و توان مصطفےٰ

تہے شب معراج مین جبرئیل ہمراہ رسول — تہا براق برق آسا زیر ران مصطفےٰ

تہے ملایک اور غلمان انکے ہمراہ رکاب — انبیا سب تہے جلو مین ہمعنان مصطفےٰ

عرش پر بلوا کے حق نے دی ہین اونکو نعمتین — بنگیا ہے خود خدا ہی میزبان مصطفےٰ

دو کمان کا ہی رہا باہم نہ حق سے فاصلہ — تہا شب معراج مین یہ اقتران مصطفےٰ

انکے حق مین قاب قوسین آیا ہے قرآن مین — ہے یہ کمان حق سے پیوستہ کمان مصطفےٰ

کب ہوا رتبہ میسر یہ کسی انسان کو — ہین فرشتے آسمان کے خادمان مصطفےٰ

عالمان امت والا ہین مثل انبیا — جا بجا ہین رہنما پیغمبران مصطفےٰ

جان تک اپنی فدا کی ہے ولا مین آپکے — کسقدر اصحاب تہے سب عاشقان مصطفےٰ

شاہدین کو کیا بہادر کیا جری یاور علی — دس سن یہ بہاری جنگ مین تہا اک جوان مصطفےٰ

مصطفےٰ کا ہم فصاحت مرتضےٰ کا ہے کلام — عہد طفلی مین جو چپ سے تہے زبان مصطفےٰ

ہے اوکہاڑا اوس نے در خیبر کا دو انگشت سے — اسقدر رکہتا تہا طاقت پہلوان مصطفےٰ

ہے علی و فاطمہ سے پر ضیا قصر نبی — ہین یہ دونون مہر و ماہ آسمان مصطفےٰ

مصطفےٰ کے فاطمہ ہے لخت دل لخت جگر — مرتضیٰ ہے لحم و دم اور جسم و جان مصطفےٰ

نور سے ان کے یہ دونون نور ہین پیدا ہوئے — ہین حسین اور ہین حسن روح و روان مصطفیٰ
نخل و گل ادسین علیؑ و فاطمہ سبطین ہین — حبذا کیا ہے بہار بوستان مصطفیٰ
اہلبیت پاک اور قرآن سگئے ہین چھوڑکر — حشر تک قایم ہے یہ نام و نشان مصطفیٰ
حسن کہیے یہ حسن سے ہے حسین شکل حسین — خوب و احسن ہے ہراک سرو روان مصطفیٰ
دونون عالم مین وہ رسوا و معذب ہوئیگا — ہے جو دنیا مین عدو سے خاندان مصطفیٰ
قیدخانہ اون کو دوزخ کا ہوا آخر نصیب — دار دنیا مین سے تھے جو جو دشمنان مصطفیٰ
صلب آبا پاک ہین طاہر ہین بطن امہات — طیب و طاہر ہے سارا دودمان مصطفیٰ
سورۂ قرآن ہین ہےشان جسطرح چہوٹے بڑے — ہین برابر فضل مین خورد و کلان مصطفیٰ
لاکہہ دشمن تھے مگر انکا نہ کچہہ بہی کر سکے — خود خدا ہر حال مین تہا پاسبان مصطفیٰ
زور کچھ اب اونکا ان کے سامنے چلتا نہین — گڑ گئی ہے دلمین اعدا کے سنان مصطفیٰ
دامن امید پر سب کا در مقصد سے ہے — ابر رحمت ہے یہ گوہر فشان مصطفیٰ
ہوکے شافع آپ ہی بخشائینگے سارے گناہ — ہین بہی رکہتے بہروسا عاصیان مصطفیٰ
حشر مین انکے سبب ہمکو نہین خوف حساب — عاصیونکی ہے شفاعت کو ضمان مصطفیٰ
معرفت کی آنکہہ سے دیکہے کوئی اس نور کو — جلوہ حق ہے نہان و ہم عیان مصطفیٰ
بڑہکے کچھ بیت الحرم سے بہی حریم پاک ہے — دیکھو جبرئیل امین ہے پاسبان مصطفیٰ
کوئی نعمت اسکو پہر دنیا کی خوش آئیگی کب — جو کہ کہا ہے نعمت الوان خوان مصطفیٰ
نور سے اسکے چمکجاتی ہے شب کو چاندنی — چادر مہتاب ہے یا طیلسان مصطفیٰ
ساتھہ جسکے ہے خدا اوسکو نہین ہے کوئی غم — غار مین بہی تہا خدا تسکین رسان مصطفیٰ

قافلہ کا یہ مدینہ کے جو اوٹھا ہے غبار
زینت گردون ہے گرد کاروان مصطفیٰ

جو کہ نکلا ہے سخن اوس سے ہے در بے بہا
گنج اسرار الٰہی ہے دہان مصطفیٰ

جو کہ فرمایا تھا حضرت نے وہ سب ظاہر ہوا
بس لسان الغیب ہے حقا لسان مصطفیٰ

خوف آہوے حرم کو کچھ نہین صیاد کا
پہلے ہی عالم مین کیا امن و امان مصطفیٰ

راہ پل سے طے کرکے اور دیکر حساب اور لیکے اون
جائینگے جنت مین پہلے پیروان مصطفیٰ

عشق مین قصہ کوئی اب مجکو خوش آتا نہین
مین سنا کرتا ہون اکثر داستان مصطفیٰ

آسمان سے اوس جگہہ سننے کو آتے ہین ملک
جس جگہہ ہوتا ہے کچھ ذکر و بیان مصطفیٰ

آشکارا سب سے کہتا ہون نہین اعدا کا خوف
ہے بھرا دلمین مرے عشق نہان مصطفیٰ

اے خوشا قسمت کہ میرے جاگ اوٹھے ہین نصیب
خواب مین دیکھا ہے روے شادمان مصطفیٰ

ہوگیا ہے عشق مین انکے جو میرا رنگ زرد
مجکو سب کہتے ہین شاخ زعفران مصطفیٰ

غنچہ دلمین ہے خوشبو اور معطر ہے دماغ
ہے جو عشق گیسوے عنبر فشان مصطفیٰ

جس جگہہ مالک ہے رہتا رہتے ہین اوسکے غلام
ہم بھی ہونگے وہین جو ہے جنان مصطفیٰ

یا الٰہی بخشدے تو میری امت کے گناہ
یہ دعا تھی رات دن ورد زبان مصطفیٰ

آسمان سے حق نے بھیجا واسطے انکے طعام
تنگدستی مین ہے حق روزی رسان مصطفیٰ

مرغ بسمل کا تماشائی کو ہوتا ہے گمان
یون تڑپتا ہے فداے نیم جان مصطفیٰ

ابتدا جب جا کے کعبہ مین کہی بانگ صلوٰۃ
سجدہ بت کرنے لگے سنکر اذان مصطفیٰ

سرخ عمامہ سر اقدس پہ کیا دیتا ہے زیب
قدرت حق ہے بہار ارغوان مصطفیٰ

نور سے رخسار کے یہ نور سے ایوان پاک
مہر سے روشن ہے ہر اک تابدان مصطفیٰ

ہر گلی کوچہ مین پہیلی ہے یہ خوشبو آپکی / سب مدینہ بن گیا ہے عطردان مصطفیٰ
طایر سدرہ کے پر جلتے ہین اوسجا خوف سے / لامکان کہتے ہین جسکو ہے مکان مصطفیٰ
گلشن دنیا مین جہونکے کیطرح آئے گئے / کیا ہوا جنت کی تہی عمر روان مصطفیٰ
عالم فانی مین کیا اونپر ہوے رنج و تعب / راحت دل جو تہے اور آرام جان مصطفیٰ
جنتون سے باغ دین حضرت لگا کر چل بسے / تا قیامت اب خدا ہے باغبان مصطفیٰ
دلکو میرے یا الٰہی نور سے معمور کر / دے محبت مصطفیٰ کی بہر جان مصطفیٰ
اون کے دروازہ پہ مجکو تہوڑی ملجاے جگہ / یا الٰہی کردے مجکو پاسبان مصطفیٰ
دشمنون کے مکر کا مجکو نہین کچہہ بہی خطر / حفظ حق ہے واسطے میرے امان مصطفیٰ
ساقی بزم ازل نے بہر کے الفت کی شراب / ہے پلایا مجکو اب رطل گران مصطفیٰ
تحفہ صلوٰۃ بہیجو حکم حق ہے مومنو / بہیجنا صلوٰۃ حق ہے ارمغان مصطفیٰ
صدق دل سے اب پڑہو دس بار انبیز (سب درود) / سنکے وصف مصطفیٰ اے دوستان مصطفیٰ
نام میرا حق نے رکہا ہے غلام مصطفیٰ / دل سے ہون عشقی غلام مدح خوان مصطفیٰ
در پہ شاہ دین کے پہونچا دے خدایا مجکو اب / آرزو ہے دل مین ہو مین میہمان مصطفیٰ
یا الٰہی جلد پہونچا دے مدینہ مین مجہے / رنج دیتا ہے فراق جان ستان مصطفیٰ
دین و دنیا مین مجہے رکہہ آبرو و عزت کے ساتھ / یا الٰہی بہر جسم و بہر جان مصطفیٰ

رباعی

ساجد مین ہون خدا ہے مسجود مرا / مین عبد ہون اللہ ہے معبود مرا
مشہور غلام مصطفیٰ ہون عشقی / عاشق بہی ہون معشوق ہے محمود مرا

رباعی

دل کیوں نہ ہمارے ہوں طربناک
پیدا ہوا وہ پیمبر پاک
فرمایا خدا نے حق میں جسکے
لَوْلَاکَ لِمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ

رباعی

اک میم ہے درمیان احمد و احد
بس میم کے ابجد سے ہیں چالیس عدد
چالیس برس عمر کے گذرے تو ہوئے
احمد سے رسول بنکے بشان احد

قصیدہ سوم

عالم کے طلسمات کا نقشہ ہی نیا ہے
ہر شے سے عیاں قدرت حق شان خدا ہے

کیا فضل بہار کرم رب علا ہے
گلزار جہاں گلشن فردوس بنا ہے

چلتی ہے جو باد سحر رحمت باری
ہر غنچہ دل پھول کے مانند کھلا ہے

جو برگ ہے تازہ ہے جو ہی پھل ہے رسیدہ
جو شاخ ہے خرم ہے ہر اک نخل ہرا ہے

بدلی ہے ہوا گلشن ایجاد کی ایسی
جو صرصر غم تھی وہی عشرت کی صبا ہے

ملبوس گلابی ہے گل ورد کے تن میں
اور جسم میں گلنار کے گلرنگ قبا ہے

رخسار سے گویا کہ ہے اب خون ٹپکتا
یہ سرخ مسرت سے ہوا روئے حنا ہے

ہر سو نظر آتے ہیں گل راحت و آرام
معدوم ہر اک خار و خس رنج و عنا ہے

دھڑکا نہ رہا گلچیں گل و بلبل کو خزاں کا
اب گلشن ایجاد میں جنت کی فضا ہے

نظارہ سے ہے مردم دیدہ کو نظارت
کیا تازگی باغ جہاں روح فزا ہے

ہر ایک کو ملتا ہے ثمر مقصد دل کا ٹ
جو نخل تمنا کا ہے وہ پھولا پھلا ہے

ہر نہر مین انہار جنان کی ہے لطافت
پانی ہین ہر اک حوض کے کوثر کا مزا ہے

ہے نغمہ سرا طرز مین عشاق کے قمری
بلبل کی ہے آواز کہ عاشق کی صدا ہے

خورشید جمال ازلی کا جو ہے پرتو
ہر ایک حسین حسن مین مہتاب لقا ہے

جلوہ سے حسینونکی عجب دلکو ہے حیرت
کیا صنعت صناع ازل ہوش ربا ہے

آراستہ سب مثل عروسون کے حسین ہین
ہر ایک مکان حجلہ کے مانند سجا ہے

ہے عالم ایجاد مین اب نور کا عالم
ذرون سے عیان مہر درخشان کی ضیا ہے

پرجوش ہے میخانہ عرفان و حقیقت
ہر شیشۂ دل بادہ وحدت سے بھرا ہے

جمتی ہی نہین لاکھہ پڑے گرد کدورت
کیا صیقل علا آئینۂ دل کی صفا ہے

تہلیل ہین تسبیح مین تحمید خدا مین
ہر مرغ خوش آواز نوا سنج ہوا ہے

المنۃ للہ تقدس و تعالےٰ
قوال زبان حمد مین یہ نغمہ سرا ہے

باہم حق و باطل مین نظر آتی ہے تفریق
اب شک سے یقین کفر سے ایمان جدا ہے

ناپید ہوی ظلمت اشراک و ضلالت
یہ نور فزا تیر انوار پیدا ہے

زنگار جہالت پہ ہدایت کی ہے صیقل
اب صورت آئینہ ہر اک دل کی جلا ہے

ہے عجز و صفا عدل و محبت سر اظہار
نابود غرور و حسد و ظلم و جفا ہے

منکوس ہوا رایت کفران و جہالت
مرفوع جہان مین خرد و دین کا لوا ہے

یہ عہد مبارک ہو مبارک ہو مبارک
افلاک سے ہر دم یہ منادی کی ندا ہے

ہر چار طرف عالم امکان مین جو دیکھو
شادی و خوشی بہجت و تفریح بپا ہے

کونین مین ہر اک کو مسرت نہو کیونکر
یہ شادی میلاد شہ ہر دو سرا ہے

یعنے شہ دین ختم رسل احمد مرسل
مشہور زمانہ مین جو محبوب خدا ہے

اور حامد و محمود و محمد بہی ہین سب کہتے
جن جن سے کہ خدا نے یہ ہر اک نام رکہا ہے

کیا نام ہے کیا نام ہے کیا نام ہے کیا نام
اس نام مبارک پہ مری جان فدا ہے

صلوٰۃ پڑہو ذات مقدس پہ نبی کی
اے مومنو قرآن مین یہ حکم خدا ہے

مانگی تہی دعا جسکی خلیل صمدی نے
پیدا ہوا مکہ مین وہی راہ نما ہے

عیسیٰ نے بہی تہی آنیکی دی جسکے بشارت
پیغمبر اُمی وہی موجود ہوا ہے

اعجاز سے ہے زیر و زبر کفر کی بستی
اک زلزلہ ایوان مین کسرا کے پڑا ہے

کعبہ مین جو بت تہا وہ گرا خاک کے اوپر
تعظیم کی سجدہ کو ہر اک سر سے جہکا ہے

چلتا نہین عالم مین کچہہ اب مکر شیاطین
ساحر کا نشان ہے نہ تو کاہن کا پتا ہے

مسدود ہوے شرک و ضلالت کے طریقے
اب دررہ توحید و ہدایت کا کہلا ہے

سابق کی ہدایت جو تہی سب ہوگئی منسوخ
دین آپکا اب ناسخ الادیان ہوا ہے

ہے جلوہ نما نور جو محبوب خدا کا
ہمسر جبل طور کا اب کوہ صفا ہے

سلطان دو عالم کی ولادت کا یہ ہے ذکر
جو کچہہ ہو خوشی عالم امکان مین بجا ہے

ہے قافلہ سالار ہدایت کی جو آمد
تکبیر کا غل اب عوض شور درا ہے

گردون سے اُترتے ہین ملایک جو زمین پر
کثرت کے سبب ایک جگہہ بند ہوا ہے

بس طور کے ہر سو نظر آتی ہے تجلی
کیا نور چراغ ازلی جلوہ نما ہے

خالق نے بنایا ہے انہین نور سے اپنے
کیا ذات علا صل علی صل علی ہے

کہتا تہا ہر اک دیکہکے وہ حسن و وجاہت
گر نور کا پتلا کہین اسکو تو بجا ہے

ہوتے نہ اگر آپ تو ہوتی نہ خدائی
پیدا ہوا انسے ہی ہر اک ارض و سما ہے

رفتار مین عجلت ہے نہ گفتار مین سرعت
جو حق کو ہے منظور ہر اک انکی ادا ہے

ہے ہاشمی و سید و مکی و مدنی ہے
سردار قریشی ہے امام الشرفا ہے

مان آمنہ عبد اللہ ذیجاہ پدر ہے
حد شبیہہ جد انکا امیر الغطا ہے

اعلی یہ سبہون سے ہین حسب اور نسب مین
آدم کو شرف جس سے ہے وہ ذات علا ہے

جز ذات خدا اول و افضل ہے یہ سب سے
کافر ہے وہ اسبات سے جسکو کہ ابا ہے

ہے شان مین انکے ہی بشیراً و نذیراً
یہ مخبر احوال رہ خوف و رجا ہے

روشن ہی جہان وجہ سے انکی ہی شب و روز
عالم مین یہی شمس ضحی بدر دجی ہے

ہے صحف افادت ہے یہ توریت افاضت
انجیل کرامت ہے یہ فرقان ہدا ہے

ہے منبع ایقان ہے یہی چشمہ عرفان
یہ قلزم احسان ہے یہی بحر عطا ہے

ہے صاحب توقیر ہے اور حاکم تدبیر
یہ مالک تقدیر ہے مختار قضا ہے

ہے شاہ شریعت ہے یہ ہادی طریقت
یہ میر حقیقت ہے یہ پیر عرفا ہے

ہے عالم ناسوت ہے اور واقف ملکوت
یہ رہبر جبروت ہے اور مخبر لا ہے

ہے مخزن حسن و ادب و حلم و حسب ہے
یہ معدن فیض و کرم و جود و سخا ہے

ہے مجمع زہد و ورع و عدل و شرف ہے
یہ مصدر خلق و کرم و مہر و وفا ہے

درمان ہے یہ ہر درد کا ہر رنج کا شفا
یہ کل کا معالج ہے یہی کل کی دوا ہے

السے ہی ہر اک تشنہ ناکام ہے سیراب
یہ خضر رہ حق ہے یہی آب بقا ہے

استادہ ہوا خانہ اسلام انہین سے — یہ قایم دین ہے یہ بنیاد بقا ہے
ہراک کا خبر گیر ہے ہراک کا ہی غمخوار — ہراک کا مددگار ہے مطلوب سدا ہے
مسکینون کا ہے انکی سوا کون وسیلہ — حامی ہے غریبون کا معین الضعفا ہے
قرآن کے کل آیات و نزولات کو دیکھو — ہر آیت ہر جزو مین انکی ہی ثنا ہے
خالق نے پڑھایا ہے انہین علم لدنی — یان اول و آخر کا جو احوال ہے وا ہے
اصنام کو کعبہ سے انہون نے ہی نکالا — حاصل ہوی انسے ہی ہراک دل کو صفا ہے
بندہ ہی مگر اسمین خدا کی ہین صفاتین — یہ مظہر حق ہے نہین فرق اسمین ذرا ہے
عارف جسے کرتے ہین بیان وحدت و کثرت — وہ آپکا اک حال خلاشان ملا ہے
اللہ ہے صادق تو پیمبر بھی ہے صادق — جو کچھ کہا خالق نے وہی اس نے کہا ہے
ظاہر ہوے سب تھے جو حلایل و محارم — بدکام چھپا ہے نہ کوئی نیک چھپا ہے
صادر کیئے ہین امر و نواہی کے سب احکام — سب ہو گیا ظاہر جو بھلا اور برا ہے
خالق کی اطاعت ہی جو ہے انکی اطاعت — ہراک کیلیئے انکی اطاعت مین بھلا ہے
اقرار نبوت مین ہے اقرار خدا کا — انکار نبوت ہو تو انکار خدا ہے
ہر حال مین ہر جا یہ یہ غالب ہے سب پر — اللہ نے بخشا انہین وہ زور و قوا ہے
معراج ہوی عرش معلی پہ نبی کو — کب مرتبہ ایسا کسی مرسل کو ملا ہے
چلنے مین وہ تیزی ہے براق نبوی کی — گرد اسکے قدم دیکھکے ہر عقل سا ہے
جسکو یہ ذرا اک نظر مہر سے دیکھے — خورشید بنے دم مین جو مانند سہا ہے
دنیا مین یہ حامی ہے تو عقبی مین مددگار — ہر حال مین ہراک پہ مہر انکی سدا ہے

ہر عاجز و بیکس کا ہے عالم مین مربی ۔ حق رحمت عالم انہین خالق نے کہا ہے

آسان ہوین سب مشکلین ان کی ہی سبب سے ۔ ہر عقدہ لاحل کا یہی عقدہ کشا ہے

سلطان دو عالم ہے پہ لذت سے نہین کام ۔ جو حق نے دیا فاقہ کشی مین وہ غذا ہے

اللہ نے بخشی ہے انہین دولت جاوید ۔ وہ کنز قناعت ہے نہین جسکو فنا ہے

ہر ایک مصائب مین کئے شکر و تحمل ۔ ختم انپہ ہوا انپہ صبر و رضا ہے

ثابت قدمی انکی جہاد و نمین ہی مشہور ۔ یہ قطب منیر فلک رزم و وغا ہے

کیا بدر مین چمکی ہے فقط تیغ ہلالی ۔ اظہر صفت شمس ہر اک انکی غزا ہے

مشرک کو کیا قتل موحد کو دیا امن ۔ تو نے جو کیا کام وہ سب حق پہ کیا ہے

اخلاق ترے دیکہکے کہتے ہین پیمبر ۔ زیبندہ ترے قد پہ رسالت کی قبا ہے

ہے شکر کا عمامہ تواضع کا ہے طرہ ۔ اور زیب بدن انکے عبادت کی عبا ہے

انکا ہے شرف پانچ نمازون سے ہویدا ۔ مغرب ہی کہ ظہر و سحر و عصر و عشا ہے

بے مثل ہے ہر بات مین تو بات ہی کیا ہے ۔ تجھسا نہ کوئی ہے نہ تو ہوگا نہ ہوا ہے

مومن کو بہلا انکی محبت ہو نہ کیونکر ۔ ہر ایک پہ واجب شہ والا کی ولا ہے

وان حق سے عوض انکی محبت کا ملیگا ۔ موقوف قیامت پہ اس الفت کی جزا ہے

دشمن جو ہے انکا وہ جہنم مین جلیگا ۔ ناری کے لئے آتش دوزخ کی سزا ہے

ہے خاک در پاک کی اکسیر سے بڑہکر ۔ سر سبز جواہر کا ہی کیا مال طلا ہے

اس در کا گدا جو ہے وہ ہے شاہ زمانہ ۔ جو شاہ زمانہ ہے وہ اس در کا گدا ہے

ہر گوہر مقصد سے ہے دامان ترو خشک ۔ کیا ابر گہر بار ترا دست عطا ہے

عیسیٰ کو ہین کسطرح محمدؐ سے دون نسبت
ہر درد کی اس نام مبارک مین شفا ہے

یہ دوست خدا کا ہے خدا دوست ہی انکا
محبوب و محب حق کا کوئی ان کے سوا ہے

کیا مدح پیمبر مین زبان کام کرے گی
دم بند یہان ناطقہ چون و چرا ہے

ہے غیرت نور مہ کامل رخ روشن
اور رشک دہ چادر مہتاب ردا ہے

اک جلوہ نمائی کا ہے بیعانہ دو عالم
کیا گوہر حسن نبوی بیش بہا ہے

اونپہ تہی زلیخا تو خدا انپہ ہے عاشق
یوسف کا جدا حسن تہا یہ حسن جدا ہے

لکھتا ہون جو تعریف مین اوس ماہ عرب کی
کاغذ کا ورق اک ورق نور بنا ہے

حضرت کی جو امت ہے وہ ہی امت مرحوم
معفو ہوا ہر ایک گنہ اور خطا ہے

دیکھو تو ہے کیا گرمی بازار شفاعت
ہر ایک گنہ عفو کی میزان مین تلا ہے

اب فخر نبی کشتی کا اپنے ہے نگہبان
کچہہ خوف نہین ہمکو جو طوفان بلا ہے

ہنگامہ محشر کا ہمین ڈر نہین ہرگز
ہم اوسکی ہین امت مین جو محبوب خدا ہے

مولا ترے اخلاق و مروت کے مین صدقے
دشمن بہی ترے لطف کا ممنون رہا ہے

شاہونکی ترے در پہ جہکی جاتی ہے گردن
اوٹہتا نہین سر پشت تکبر کی دوتا ہے

قارون کا خزانہ بہی نظر مین نہین کچہہ مال
حاصل یہ فقیرونکے ترے گنج غنا ہے

ایمان کا اثر فیض ہدایت سے ہے ظاہر
پیدا ہوی نرگس کی بہی آنکہونمین حیا ہے

یہ الفت حضرت سے ہی سینہ مرا معمور
دل مین نہ کدورت ہے سخن مین نہ ریا ہے

رب میرا ہے اللہ نبی میرا محمدؐ
یہ ورد زبان ہے مری ہر صبح و مسا ہے

ہو بار میسر مجھے دربار نبی مین
یہ حضرت باری سے مری روز دعا ہے

کیون کہنچے نہ یثرب کی طرف شوق دل اپنا — تشنہ ہون مین وان جاذبہ کاہ ربا ہے

اللہ نے بخشی ہے مجہے خلد کی جاگیر — یہ مدح سرائی محمدؐ کا صلا ہے

پہیلی ہے یہ اب نافہ اشعار کی خوشبو — پردہ جو سماعت کا ہے داماں ختا ہے

یہ مدح طرازی نہین موسیٰ کا ہے اعجاز — کاغذ ید بیضا ہے تو خامہ بہی عصا ہے

کیون طرز سخن ہو نہ نرالا مرا سب سے — موزون ہے طبیعت مری اور تیز ذکا ہے

تہے پوچہو تو ہے مدح مین ممدوح کی تائید — مین کیا ہون سخن کیا ہے طبیعت مری کیا ہے

خالق نے بیان آپہی کئے انکی فضایل — مخلوق کو کیا طاقت توصیف وثنا ہے

مین لونگا صلہ پیش خدا حشر مین جاکر — دفتر مین فرشتون نے قصیدہ یہ لکہا ہے

اب بعد دعا ختم قصیدہ کرو عشقی — یان ناطقہ عاجز ہے خموشی کی یہ جا ہے

للہ مرے حال پہ کیجے نظر رحم — گہیری ہوی اب مجکو ہر اک رنج و بلا ہے

مولا مین غلام آپکا ہون کس سے کہون حال — پہر کون وسیلہ مرا حضرت کی سوا ہے

کچہ عرض کی حاجت نہین اللہ ہے آگاہ — اور آپ سے پوشیدہ نہ کچہ حال مرا ہے

دلمین جو مقاصد ہین مرے سب وہ بر آئین — جسمین ہو خوشی آپکی اور حق کی رضا ہے

جلدی سے خدا کیلئے دیدار دکہا دو — اب شوق قدمبوسی اقدس کا بڑا ہے

کر خاتمہ بالخیر مرا اے پیمبرؐ — مقبول ہو یارب مری آخر یہ دعا ہے

جبتک کہ خدائی ہے رہے دین محمدؐ — صلوٰۃ محمدؐ پہ ہو جبتک کہ خدا ہے

قصیدہ چہارم

فاتح باب سخن مفتاح بسم اللہ ہے
گنج معنی حمد حق نعت رسول اللہ ہے

مدح واجب کے ہو ممکن سے کبھی ممکن نہین
حمد خالق مین زبان مخلوق کی کوتاہ ہے

حکم کن سے کر کے پیدا جسنے یہ کون و مکان
فضل سے اپنے دکھائی ہمکو سیدھی راہ ہے

جسم و جان و دل دیا اور عقل کی ہمکو عطا
دین حق ہمکو دیا صد شکر و حمد اللہ ہے

امت پیغمبر آخر زمان مین کر کے خلق
دی ہے ہمکو ایسی نعمت جو کہ خاطر خواہ ہے

یہ شرف ہمکو دیا سجدہ ملایک نے کیا
جو ہر اک محکوم اور قایم بامر اللہ ہے

کی ہے اپنے واسطے اسطرح کی نازل کتاب
جو ہدی للمتقین ہے ہادی گمراہ ہے

حضرت آدم سے ختم المرسلین تک پے بہ پے
انبیا آئے ہین اور ہر ایک عالی جاہ ہے

ہین صفی اللہ آدم اور نجی اللہ نوح
نام ابراہیم جنکا ہے خلیل اللہ ہے

ہے ذبیح اللہ اسمعیل موسی کا لقب
ہے کلیم اللہ اور عیسی کا روح اللہ ہے

پر خدا کے فضل سے ہمکو نبی ایسا ملا
جو کہ ختم المرسلین ہے اور حبیب اللہ ہے

انبیا پر حق نے افضل انکو ہی ایسا کیا
اخترون مین جسطرح تابندہ نور ماہ ہے

بھیجتا اونپر خدا ہے اور ملایک سب درود
مرحبا کیا مرتبہ کیا شان صل اللہ ہے

بالبشر سے پہلے خالق نے ہی خلق انکو کیا
اب بشر سے انکو کیا نسبت معاذ اللہ ہے

ہے جو کچھ نسبت خدا و مصطفی کے درمیان
جانتے ہین یا مصطفی خود یا خدا آگاہ ہے

دامن عظمت تلک انکی نہ پہونچا دست فکر
سر بسر یان ہیچ عقل نارسا کوتاہ ہے

جسطرح حضرت تجمل سے گئے معراج کو
اسطرح سامان سے کب جاتا کوئی نوشاہ ہے

شق اشارہ سے ہوا وہ اور اسی جعیت ہوگیا
زیر فرمان مہر ہے محکوم انکا ماہ ہے

ہو سکے کیا مجھ سے شان مصحف ناطق بیان
جو کلام پاک ہے انکا کلام اللہ ہے

سر جھکاتے حکم پر انکے ہین شاہان جہان
دین کا سلطان ہے یہ عالم کا شاہنشاہ ہے

انس و جن حور و ملک سنگ و شجر وحش و طیور
زیر فرمان انکے ہر اک بلا اکراہ ہے

ہمت عالی ہے انکی وہ کہ جسکے سامنے
مار مثل مور ہے اور کوہ مثل کاہ ہے

منزل دنیا مین مگر آہو نکا ہے یہ رہنما
روز محشر عاصیونکا بس شفاعت خواہ ہے

ہادی جن و بشر ہے رحمۃ للعالمین
مالک کون و مکان سردار خلق اللہ ہے

انتظام دین و دنیا ہے انہین کی ذات سے
بادشاہ دین ہے اور دنیا کا شاہنشاہ ہے

خیر خواہ دشمنان ہے مہربان دوستان
ہر طرح امت کا اپنی بس ترقی خواہ ہے

دونون عالم مین اجالا ہے انہین کی ذات کا
مہر جسکے نور سے روشن ہے یہ وہ ماہ ہے

کر کے باطل کفر کو ہی دین حق ظاہر کیا
جس جگہ بیت الصنم تھا اب وہ بیت اللہ ہے

انکی حضرت ہے ہی پیشوائے خاص و عام
ہادی راہ ہدی ہے رہبر گمراہ ہے

پہونچتا ہے منزل مقصد کو انکا راہرو
مصطفی کے شرع کی جو راہ ہی شہراہ ہے

کیا برکت ہے قدوم پاک کی جسکے سبب
بنگئی روے زمین پر سب عبادتگاہ ہے

ہے یہی نجم الہدی بدر الدجی شمس الضحی
بس یہی شمع ہدایت ہی چراغ راہ ہے

ذی فضیلت ذی کرامت ذی شہادت ذی حشم
ذی شرف ذی رتبت و ذی مرتبت ذی جاہ ہے

وحی سے خالی نہین ہے انکی جو بات ہے
حکم انکا ہے جو کچھ وہ عین امر اللہ ہے

باطل و حق تو جدا انکی عدالت سے ہوے
پھر عبث نوشیروان کی عدل کا افواہ ہے

دوست جو انکا ہے اپنا آپ ہی وہ خیر خواہ
انکا جو دشمن ہے اپنا آپ وہ بدخواہ ہے

دست بخشش آپکا جو ہے وہ ہے دست خدا　　چشم رحمت آپکی جو ہے وہ عین اللہ ہے

آپکا دیدار بھی لاریب ہے دیدار حق　　صورت پر نور ہے انکی کہ وجہ اللہ ہے

صفحۂ مصحف سے ہے وہ پر نور پیشانی اگر　　او سپر ابروے کشیدہ مد بسم اللہ ہے

آپکے یان سایل کوئی خالی نہین جاتا کبھی　　شان حق کیا فیض کا مصدر تری درگاہ ہے

خاکبونکی خانہ کعبہ سے کرجاے طواف　　عرشبونکی روضہ اقدس زیارت گاہ ہے

سنگ اسود سے بھی افضل ہے ترا سنگ آستان　　بوسہ گاہ اہل گردون آپکی درگاہ ہے

سیر کو آتی ہین حورین خلد سے جس جا پر　　گلشن دشت مدینہ کی وہ نزہت گاہ ہے

قافلہ کا زایرونکی جو یہ اوٹھتا ہے غبار　　غازہ رخسار حوری وہ گرد راہ ہے

در پہ اب اپنے بلا لیجیے مجھے بہر خدا　　آرزو دہلیز بوسی کی بہت واللہ ہے

آدمی سے مدح ہو انکی بیان ممکن نہین　　شان مین انکی ہوا نازل کلام اللہ ہے

اول و افضل ہین سب سے مصطفی بعد خدا　　طول کی حاجت نہین کچھ قصہ بس کوتاہ ہے

ہے یہ محبوب خدا عاشق ہے خود انکا خدا　　جز شہ دین کون اس اسرار سے آگاہ ہے

وہ شہ دین نام ہے جنکا علی مرتضے　　جو کہ سلطان عرب ہے اور عجم کا شاہ ہے

وہ علی جو ہے خدا کا راز دان و راز دار　　وہ علی جو مصطفی کا ہمدم و ہمراہ ہے

وہ علی جنکا تولد آج دنیا مین ہوا　　وہ علی بیت الحرم جنکی ولادت گاہ ہے

ہوگئی سب تیرگی اب کفر کی کعبہ سے دور　　نور حیدر سے منور آج بیت اللہ ہے

حامی دین رسول اللہ ہے پیدا ہوا　　آج شیطان لعین کے گھر مین واویلاہ ہے

یہ وفور عیش و عشرت گلشن عالم مین ہے　　پھولے ہین غنچے خوشی سے لب پہ قاہ قاہ ہے

شیر حق کی والدہ ہے فاطمہ بنت اسد
والد عالی ہم بوطالب ذیجاہ ہے

بالبشر کا ہے جگر اور نور چشم نوح ہے
دل ہے اسمٰعیل کا جان خلیل اللہ ہے

دیکھکر کہتے تھے سب طفلی مین انکو بین طفل
بے نظیر و بے مثال و بے بدل واللہ ہے

دم بدم نازل فرشتے ہوتے ہین پڑہتے درود
آسمان سے تا زمین اک شور صل اللہ ہے

ہوگیا ہے جلوہ گر ماہ بنی ہاشم کا حسن
اب زمانہ مین مہ کنعان کی کسکو چاہ ہے

چھوڑکر بت خانہ ہین کافر سوے مسجد چلے
راہ حق پر آرہا سب خود ہر اک گمراہ ہے

کلمہ توحید جاری زور سے انکے ہوا
ہر زبان پر لا الہ تا بہ الا اللہ ہے

زور بازو سے انہین کے دین احمد ہی قوی
قوۃ اللہ ہے ید اللہ ہے سیف اللہ ہے

حق علی کے ساتہہ ہے یہ ہے حدیث مصطفی
یہ جدہر ہین حق ادہر اللہ ہی باللہ ہے

زیب بخش منبر و زینت دہ سجادہ ہے
رونق محراب و مسجد شمع بیت اللہ ہے

اعتقاد اوسکا نبوت مین کبھی کامل نہین
گر امامت سے کسیکو انکی استکراہ ہے

مرتضی کی ذات ہے بیشک شبیہ مصطفی
سچ اگر پوچھو تو یہ تشبیہ بے اشباہ ہے

مرتبہ انپر نبوت اور ولایت کا ہے ختم
ہے نبی ختم الرسل حیدر ولی اللہ ہے

دو جہان بیشک منور ہین انہین کی ذات سے
مصطفی ہین مہر انور اور حیدر ماہ ہے

جو کہ تیرا دوست ہے اللہ اوسکا دوست ہے
خود خدا دشمن ہے اوسکا جو ترا بدخواہ ہے

کیون جھکائے سر نہ اپنا در پہ تیرے آسمان
قبلۂ اہل ولایت آپکی درگاہ ہے

ہے توکل تاج انکا اور مسند بے نیاز
فقر کے عالم مین دو عالم کا شاہنشاہ ہے

شیر حق کی وہ شجاعت ہے کہ ہنگام مصاف
شیر نران انکے آگے بچۂ روباہ ہے

عشق مولا سے بہرا ہے دل ہمارا اسطرح
جو غم و شادی دنیا کو نہین یان راہ ہے

آسمان گر روضۂ اقدس سے اونچا ہے تو کیا
مرتبہ مین کوہ سے بڑہکر ہے یہ وہ کاہ ہے

شوق ہے دل مین نجف جانیکا گر چاہے خدا
سر سے یہ رہ ہر قدم چلنے کی دل مین چاہ ہے

تشنگی کا روز محشر کے نہین ہے ہمکو خوف
ہے علی ساقی نبی اپنا شفاعت خواہ ہے

مار ہی ڈالا اجلا یا ہی علی نے حکم سے
اس سے بڑہکر کب بہلا اعجاز روح اللہ ہے

ہمکلامی حق کو تہی اونسے ہی ایسی دوستی
یہ علی اللہ ہے موسی کلیم اللہ ہے

شعر میرے سنکی سب مومن پڑہین ایسی درود
یہ نہ چاہی آہ ہے اور یان نہ زیبا واہ ہے

لو پڑہو صلوۃ دل سے پنجتن پر پانچ بار
ایک کا دہ اجر ہے اور پانچ کا پنجاہ ہے

دلمین ہی جاگیر جسکے دوستی پنجتن
خاص جاگیر جنان اوسکے لیے تنخواہ ہے

دوستی پنجتن صورت سے میری ہے عیان
صاف پانی مین نظر جسطرح آتی ماہ ہے

سب پہ واجب کیون نہو مثل نبی حب علی
شان مین انکی حدیث وال من والاہ ہے

مصطفے کا ہی وہ دشمن جو ہے دشمن آپکا
دیکہلو قول پیمبر عاد من عاداہ ہے

والد سبطین ہے نفس نبی حق کا ولی
فاطمہ کا زوج داماد رسول اللہ ہے

آپکی بخشش کے آگے فرق کفر و دین کا ہے
گرچہ حاتم کا سخاوت مین بڑا افواہ ہے

ذکر حاتم کی سخاوت کا یہان ہے ہی خطا
نار کو کچہ نور سے نسبت معاذ اللہ ہے

یا علی کیجے مدد بہر خدا و مصطفے
اندنون گہیری ہوی مجکو غم جانکاہ ہے

حال دل میرا کسی پر کسطرح سے ہو عیان
غم [illegible] ہے ہونٹون پر نہین پر آہ ہے

مضطرب ہے دل بہت اب ضبط کا یارا نہین
وقت ہے امداد کا للہ یا غوثاہ ہے

درد ہے دل مین جو میرے عرض کی حاجت نہین
آپ پر ظاہر ہے سب اللہ مرا آگاہ ہے

ڈر نہ عشقی ہین علیؑ مرتضی مشکل کشا
مصطفےٰ بہر مدد حاجت روا اللہ ہے

تو غلام مصطفی ہے دیگا سب خالق تجہے
کیا کمی تجکو ترا آقا رسول اللہ ہے

حاسدونکو اسطرح ہے عشق پر میرے حسد
جسطرح عنین کو اکثر ہوتی حرص باہ ہے

دولت حب نبی سے دل یہ مالا مال ہے
فکر کچہ ہے گنج کی نہ آرزوے جاہ ہے

مین ہون عاشق گنج و جاہ دیوے سے کیا غرض
گنج شکل گنج اور جاہ شکل چاہ ہے

عشق مین یہ بے سر و سامانی اپنا ہے حشم
فرش ہے خاک زمین افلاک کی خرگاہ ہے

عشق کے باعث فقیری مین بہی ہون مین بادشاہ
غم کا لشکر ہے علم میرا یہ مد آہ ہے

لایق دل بستگی اسباب دنیا کا نہین
دیکہو دنیا مین الم گاہی شادی گاہ ہے

زاد راہ آخرت کی فکر کر غافل نہ رہ
منزل فانی سے اے عشقی سفر ناگاہ ہے

بس عبادت خالق اکبر کی ہے اپنا رفیق
الفت آل نبی سرمایۂ دل خواہ ہے

آپکے اصحاب جو ہین ہین ہدایت کے نجوم
اقتدا جوانکی ہے دین ہدی کی راہ ہے

عشق محبوب خدا کے ساتہہ دل سے چاہئے
عاشقونکو ملگیا دلبر یہ خواطر خواہ ہے

یا الٰہی مجکو دکہلادے مدینہ کی بہار
بلبل شیدا کو گلگشت چمن کی چاہ ہے

اپنے روضہ پر بلا لیجے مجہے یا مصطفےٰ
ہجر سے ہے درد دل مین اور غم جانکاہ ہے

روح میری اُڑکے اکدن بس مدینہ جائیگی
چار دیوار عناصر گرچہ سد راہ ہے

مین غلام مصطفےٰ ہون عشق ہے اونسے مجہے
چاہتا جسکو خدا ہی ہے اوسیکی چاہ ہے

دین ہے اسلام میرا اور قرآن ہے کتاب
ہے نبی میرا محمدؐ رب مرا اللہ ہے

دلمین بیرے ہے خدا و مصطفی کی دوستی
ایک جا پر جمع باہم نور مہر و ماہ سے ہے

ختم کرکے یہ قصیدہ اب کرو عشق دعا
مدح مولا مین زبان مداح کی کوتاہ ہے

یا علی اب تو مری مشکل کشائی کیجیے
وقت یہ امداد کا مولا مرے واللہ ہے

یا نبی اللہ ترحم کی نظر مجہپر کرو
ہون غلام خاص حضرت کا خدا آگاہ ہے

یا الٰہی رکھہ مجھے محفوظ ہر اک رنج سے
ہے قسم اوسکی لقب جسکا رسول اللہ ہے

خوش ہین احباب اور دشمن ہو ہراک پایمال
جب تلک محبوب عالم مین یہ سال و ماہ ہے

غزل ردیف الف

الٰہی نام سے تیرے ہوا قفل دہان میرا
حدیث عشق سے اب بڑہا حسن بیان میرا

مین بلا مست ہون ہی رہنما پیر مغان میرا
شراب عشق سے مملو ہے جام جسم و جان میرا

مرا نغمہ ہے یا ہو ہون مین بلبل باغ وحدت کا
کہ شاخ گلبن لاہوت پر ہے آشیان میرا

رہ صبر و رضا مین رکہہ مجھے ثابت قدم یارب
ہوا ہے اب اوسے منظور خاطر امتحان میرا

بہروسہ عقل پر تہا پر رفاقت چھوڑ دی آخر
رہا راہ طلب مین عشق ہی بس ہمعنان میرا

عبث الزام دانائی و نادانی کا ہے مجہپر
نہان ہے ہاتھ مین تقدیر کے سود و زیان میرا

نچہوڑا ساتھ میرا عہد طفلی سے کبھی اب تک
رہیگا درد دل بعد فنا بھی توامان میرا

نظر آتا ہے مجکو دوست دشمن ایک صورت پر
کدورت یان نہین دل صاف ہے آئینہ سان میرا

بنا ہون فرط حیرت سے مین اب تصویر خاموشی
کہ نقطہ کی طرح سے بے صدا ہے یہ دہان میرا

نظر آتا نہین سینہ مین اپنے ڈہونڈتا ہون مین
خدا جانے گیا پہلو سے میرے دل کہان میرا

نہ جلتی کیوں زباں سوز دروں سے ہے یہ اندیشہ
کسی پر کسطرح سے ہو عیاں راز نہاں میرا

ستم یا لطف جو چاہے کرے وہ مجھ پہ اے عشقی
رضائے یار سے دل ہے ہمیشہ شادماں میرا

دو غزلہ

مرے دل میں ہی داغ عشق مدت سے نہاں تیرا
ازل کے روز سے عاشق ہوں اے جان جہاں تیرا

کہاں ڈھونڈوں بھلا مجکو ٹھکانا ہے کہاں تیرا
نہیں ملتا کہیں مجکو نشاں اے بے نشاں تیرا

ترا احوال اب در دشت میں جاکر کروں کس سے
سنا ہے بے زباں تو نے اکثر راز داں تیرا

ہوا ہے حسن کا تیرے بیاں اے پردہ نشیں چرچا
ہمیشہ ذکر رہتا ہے جہاں دیکھو وہاں تیرا

کہیں ہے حسن کا جلوہ کہیں ہے عشق کا جذبہ
سمجھتا ہوں نہیں یہ سب ہے کرشمہ بے گماں تیرا

محبت ہوتی ہے جس سے وہ ہردم یاد آتا ہی
سدا ہی نام ہے جان جہاں ورد زباں تیرا

تجھی تو ہے نظر میں جسطرف کو دیکھتا ہوں میں
بنا آئینہ خانہ عالم کون و مکاں تیرا

مثل ہے حسن کو لیلی کے دیکھے چشم مجنوں سے
مری آنکھوں سے دیکھے کوئی جلوہ جابجاں تیرا

گذر اغیار کا ممکن نہیں اس میں کسی صورت
مرا آرام دل ہے تو مرا دل ہے مکاں تیرا

ہی تیری یاد کہہ دل میں ہی تیرا نام کہہ لب پر
ہی گہ ذکر نہاں تیرا ہی گہ ذکر عیاں تیرا

نہ لیجاتا مجھے پھر پھیر عنبر کے در پر
سر عشقی ہو یارب اور سنگ آستاں تیرا

غزل

ہی وصف پاک گرچہ لا زباں و لا مکاں تیرا
نظر آتا ہے پر جلوہ ہر اک جا ہر زماں تیرا

رہیگا یونہی سودا سر مین میرے جاودان تیرا
مین دیوانہ ہوا ہون جان و دل سے جان جان تیرا

گذر جاونگا جی سے ہی یہ اب شوق قدم بوسی
اگر سر دیگا مجکو در پہ تیرے دربان تیرا

مخالف سے مین دنیا ہو شہادت عشق پیدا ہے
کہ عاشق مجکو بتلاتے ہین خیل دشمنان تیرا

اگر تن سے مرے کوئی جدا سر بھی مرا کردے
نہ لب تک آئیگا میرے کبھی راز نہان تیرا

ترے کوچہ مین صبح و شام برپا شور رہتا ہے
کہ ہر دم مارتے ہین دم گروہ عاشقان تیرا

غرض ہے دیر سے مجکو نہ ہے کعبہ سے کچھ مطلب
وہی قبلہ ہے آتا ہے نظر جلوہ جہان تیرا

خدا کی شان ایمان اگیا تجھپر بتون کا بھی
بنا ہے بندہ بے زر سبھی ہندوستان تیرا

کرے کیا معرفت کا تیری بہر کوئی آدمی دعوے
نہین پہچانا نے حق معرفت پیغمبران تیرا

قلم اشجار ہون دریا سیاہی خلق سب کاتب
رقم تب بھی نہین ہوتا ہے یک ذرہ بیان تیرا

ہر اک خورد و کلان کرتا ہے بس اوسکی ثنا خوانی
ہوا ہے جب سے عشقی بیکے عاشق مدحخوان تیرا

غزل

احد ہے ذات حق قایل ہو نہین توحید یزدان کا
محبت احمد مرسل کی حاصل ہے ایمان کا

بہرا ہے عشق سینہ مین رخ محبوب سبحان کا
چراغ طور اک جلوہ ہے میرے داغ سوزان کا

کلام اللہ کا ہے ہر کلام مصحف ناطق
حدیث قدس مین سب طرز ہے آیات قران کا

نہ تھا کچھ کام شاہ دین کو دنیا کے تجمل سے
گلیم فقر تھی ملبوس مالک دین کے سلطان کا

بدیسا کنہ حقیقت مین ترے عقل بشر کیا ہو
برابر مرتبہ اسجا یہ ہے دانا و نادان کا

سبق تو نے پڑھایا عقل کل کو علم باطن کا
ہمہ دانی یہ بھی وہ طفل ہے تیرے دبستان کا

کریگی نار دوزخ کیا کہ ہے شافع نبی اپنا
اگر ہو نوح کشتی بان نہین کچھ خوف طوفان کا

گنہگارون کے سارے عیب ڈھک جاینگے محشر مین
کہ دامان شفاعت انکا پردہ ہوگا عصیان کا

ہوا ہی سر بسر ظاہر قدم انسے حدوث انسے
کہ ذات قدسی شرف مجمع ہے واجب اور امکان کا

کٹی تہین انگلیان یوسف پہ یہ جانین ہوین صدقے
ہے فرق حسن یہ ماہ حجاز و ماہ کنعان کا

ہے جب تک یاد انکی زندگی عشقی کی ہے تب تک
بجاے جان ہے بس دل مین تصور جان جانان کا

غزل

ہوا ہے دل کو شوق وصل اب محبوب یزدان کا
خدا جانے کہ کیا ہوگا نتیجہ میری ارمان کا

مثال بو اڑا ہے معرفت مین ہوش انسانکا
بسان غنچہ گل بند ہے منہ اہل عرفان کا

تری فرقت مین رونے سے ہوی کشت امل تازہ
کیا ہے کام ہر اک اشک تر نے آب باران کا

بڑا ہی عشق محبوب الہی سے مرا رتبہ
کہ انکی دوستی سے ہوگیا ہون دوست یزدان کا

تصدق جان و دل میرا خرام ناز پر اوسکے
کہ جسکا فرش پا دیدہ ہے ہر اک حور و غلمان کا

ہوا ہی ثبت اوسمین اسم اعظم آپکا جب سے
نگینہ بنگیا ہے دل مرا مہر سلیمان کا

تمنا ہے مرون مین عشق محبوب الہی مین
نہین محتاج ہے میرا مرض عیسی کے درمان کا

دکہاے فیض گر ابر کرم انکا تو دم بہر مین
بنے کہلکر گل امید ہر اک خار حرمان کا

خدا کے واسطے مجہپر ترحم کی نظر کیجے
کوئی پرسان نہین مولا مرے حال پریشان کا

غلام مصطفی ہون جاونگا جنت مین مین پہلے
کہ ہوگا ہاتھ مین گوشہ مرے حضرت کی دامان کا

جتانا عاجزی عشقی ہے بہتر ہمکو مدحت مین
کہ مدح احمد مرسل نہین مقدور انسان کا

غزل

ثنا و حمد رب مدح محمد ہے سخن میرا
مزے سے لب ہین ملتے ہین یہ شیرین ہے دہن میرا

ہے کلک مدح پیرا عندلیب نغمہ زن میرا
شگفتہ کیون نہو دل نعت احمد ہے چمن میرا

خدائی مجکو کہتی ہے رسول اللہ کا عاشق
ثنا محبوب ہے جب سے حبیب ذو المنن میرا

فدا اونکے قدم پاک پر بل نقش پا پر ہے
یہ دل میرا یہ جان میری یہ سر میرا یہ تن میرا

جدائی رشک یوسف کے مرے مجکو ستاتی ہے
بنا ہے خانہ دل غم سے اب بیت الحزن میرا

خدا کی راہ کا سالک ہین ہون پیرو پیمبر کا
طریق حق کا جو طالب ہے وہ سیکھے چلن میرا

ہوا ہے عشق محبوب الٰہی مین جنون مجکو
سیانون کو ہے غم یہ دیکھکر دیوانہ پن میرا

کرون کیا عرض حال درد دل پنہان نہین ہوتا
ہے ظاہر آپ پر احوال سارا من و عن میرا

ہون بلبل بوستان مصطفی کا گلشن طیبہ
ہے گلزار ارم باغ جنان کا باغ حسن میرا

نکلجاؤن یہان سے مین ہون جا کر مدینہ مین
نہ نکلون پہر وہان سے مین مدینہ ہو وطن میرا

در پر نور کے ہو سامنے یا رب مرا مدفن
ہو چادر پردہ در دامن رحمت کفن میرا

حبیب کبریا کے چار تن محبوب ہین عشقی
وظیفہ رات دن ہے نام پاک پنجتن میرا

غزل

عجب طغرا نکالا مین نے بسم اللہ کی مد کا
ملا کر نام ساتھ اللہ کے لکھا محمد کا

بنا ہے طور یہ حمد خدا اور نعت احمد کا
لکھا اللہ پہلے نام بعد اوسکے محمد کا

پھرا میم محمد کھینچکے گرد اوسکے قلم سر سے
بشریا رتبہ یہ نام پاک سے لوح زبرجد کا

حقیقت سے ہی حق واقف خدا ہی خود ترا اوصف
بیان کیا ہو سکے ہمسے ترے اوصاف بیحد کا

خدا کے حکم سے روح الامین اس گہر کے خادم ہین
نہ تہا خدمت کے کرنے مین سبب کوئی خوشامد کا

رسول حق وہ ہی کرسی نشین بزم محبوبی
کہ ہے عرش معلی تکیہ گاہ اک جسکی مسند کا

گرے بت سجدۂ تعظیم کو کعبہ مین سر کے بل
ہوا غل جب حبیب کبریا کی آمد آمد کا

ملایک تابع فرمان ہین یہ فخر سلیمان کے
جلوس آرا یہ شاہنشاہ ہے تخت زمرد کا

نہین ہے بحر کثرت مین کوئی در یتیم ایسا
در یکتا ہے یہ عالی گہر دریاے سرمد کا

کیا انکار انکا جس نے وہ خالق کا ہے منکر
سیہ رو دو جہان مین ہے منافق اور مرتد کا

بچے انکے سبب سے حشر تک ہم مکر شیطان سے
کیا لطف نبی نے کام ذو القرنین کے سد کا

بہلا عشقی کرے تعریف کیا کوئی محمد کی
خدا نے نام خود محمود رکہا ہے محمد کا

غزل

ازل سے تا ابد جلوہ ہے انکی ذات ارشد کا
اشارہ کرتا ہے یہ الف اور دال احمد کا

ہے یکسان اول و آخر خدا کا اور محمد کا
ہے دال اسپر الف اور دال احد کا اور احمد کا

اودہر حق سے انہین ہے صلت ادہر ہے عبد سے نسبت
محمد مین اشارہ ہے یہی میم مشدد کا

الٰہی ہے تمنا مجکو پہونچا دے مدینہ مین
میسر ہو نظارہ گلشن خلد مخلد کا

سراپا چشم بنکر شوق دل سے مین کرون ہردم
تماشہ گاہ مسجد کا نظارہ گاہ گنبد کا

کبہی آنکہین ملون در پر زمین کا لون کبہی بوسہ
نکالون خوب ارمان دل سے اپنے شوق بیحد کا

کبہی روضہ مین جاکر مین زیارت سے مشرف ہون
کرون گہ گرد پہر پہر کر طواف اوس پاک مرقد کا

پڑہون صلوٰۃ بعید جیب کہڑا ہو کر ادب سے مین
جواب اکیا رمولا سے ملی صلوٰۃ بے حد کا

رہون بعد فنا بہی اوس زمین پر مثل نقش پا
نشان مرقد کا ہو میری نشان اوس پاک سرحد کا

بس مرون مدینہ کی زمین مین دفن ہوتا یارب
بنون طعمہ نہین زاغ و زغن کا دام اور دد کا

زبان پر نام آجاتا محمد کا ہے جب عشقی
مین لب سے چوم لیتا ہون دہن میم محمد کا

غزل سراپا

سراپا نور پیرا حلیۂ ختم رسولان تہا
ملیح و سرخ و گندم رنگ جسم پاک و رخشان تہا

کشادہ تہی جبین پیوستہ و باریک ابرو تہے
بلند و پرضیا بینی تہی روشن روے تابان تہا

تہے اوسط کان نورانی سیہ سرگین آنکہین
دراز و شرگین باریک ہر اک موے مژگان تہا

تہے لب نازک دہن خوشبو اور اوسمین پرضیا دندان
ہر اک وقت تکلم مثل گوہر نور افشان تہا

بگرد ماہ حلقہ جسطرح ہالہ کا ہوتا ہے
یہ عالم ریش انور کا بگرد روے تابان تہا

شکم سے سینہ تک تہا جسم انور پاک و نورانی
خط باریک سینہ سے مگر تا ناف نکیبان تہا

نشان اک پشت پر شانون مین تہا مہر نبوت کا
کہ جسمین لا الہ تا رسول اللہ نمایان تہا

تہی زیبا دست و پا اور انگلیان باریک پر صنعتین
تہی سینے نور کے جس سے خجل مہر درخشان تہا

مگس بس کر نہین سکتی تہی انکی جسم اطہر کو
نہ سایہ خاک پر پڑتا تہا تن بہی صنعت دان تہا

گذرتی تہی جدہر سے یہ گلی کوچے مہکتے تہے
یہ خوشبو تہی پسینہ مین کہ گویا عطر افشان تہا

میانہ قد تہا اے عشقی سب اعضا خوبصورت تہے
حسین تر کیون نہو سب سے کہ یہ محبوب یزدان تہا

غزل غیر منقوطہ

حمد ہو آرام دل کا اسم ہو اللہ کا
وردِ ہو ہر دم سدا کلمہ رسول اللہ کا

دل مرا ہر دم ہوا ہر ورد اللہ کا
ہم سکو حمد اللہ اک ہمرہ ملا اس راہ کا

دوسرا ہوگا کہو اس گہر کا مالک کسطرح
دل مرا ہو کر حرم اک گہر ہوا اللہ کا

مردم گمرہ کو حاصل ہو سدا راہ مراد
حال گر معلوم ہو ہر دو دل آگاہ کا

ہمکو کامل ما سوا اللہ کو الگ کر دل لگا
ورد ہو دم کر لا الٰہ اور الا اللہ کا

ہر دو آہ دل ہو گرا سطرح دل ہمکو الم
اک ہما کا لا سا ہوگا اور دو دو آہ کا

دل ہوا مسرور دہ آرام دل ہمکو ملا
وردِ ہر اک دم سدا کلمہ ہو حمد اللہ کا

دل مرا والہ ہوا دلدار کا لو ہم سد ہو
واہ دو ہر اک کہو کلمہ سراسر واہ کا

ورد ہو الحمد اللہ اور ہر اک اوراد کا
ہمکو حاصل ہو سدا دورہ کلام اللہ کا

دل کو ہو آرام حاصل علم اوس کا ہو اگر
اسطرح ہمکو ملا اطہر کلام اللہ کا

دور ہوگا درد دل مسرور ہوگا دل مرا
ہو اگر طالع رسا گر ہو کرم اللہ کا

دل ہوا ور ہو دلکو ورد اللہ کا ہر دم ولا
سر ہوا ور سودا سدا اسکو رسول اللہ کا

غزل ولہ

مہر کو حمل علی سودا ہوا اوس ماہ کا
لو ہوا اللہ دلدادہ رسول اللہ کا

رحم کر ہمسکو دکہا دو در رسول اللہ کا
لو ہوا دلکو ارادہ اور اوس درگاہ کا

مالک راہ ہدا سردار دو عالم ہوا
راہ دکہلا کر ہوا وہ دال ہر گمراہ کا

مدح احمد اور مدح آل احمد کو لکھا
ہر سر مصرع کہا اول درود اللہ کا

ظاہر و اطہر محمد اور محمود و سلام
اسم حامد اور ہوا احمد رسول اللہ کا

حکم اللہ کا کہو حکم محمد کو مدام تؤ
کلمۂ احمد ہوا ہر اک کلام اللہ کا

لو اگر اسم محمد اور گر مسموع ہو
کہہ درود اللہ کا ہر دم سلام اللہ کا

کلمۂ احمد ہوا اکرام احمد کا گواہ
لو ملا اسم محمد اور اسم اللہ کا

دلکو اوس سردار عالم کا ہوا سودا ولا
حال لو ہمکو ہوا معلوم کوہ و کاہ کا

اہل دل ہر مردہ دل ہر دم ہوا کہکر احد
کلمہ احمد ہوا ہم امر روح اللہ کا

دل مرا آل محمد کا ہوا والہ ولا
ہے سدا آل محمد کو سلام اللہ کا

غزل

مست ہوں میں پیکے جام مصطفی
دم بدم ہے لب پہ نام مصطفی

عرش سے بڑھکر ہے بام مصطفی
سب سے اعلی ہے مقام مصطفی

آپ خود عاشق ہوا اوپر خدا
حبذا حسن تمام مصطفی تؤ

جو ہے انکا حکم ہے حکم خدا
ہے کلام حق کلام مصطفی تؤ

حق سے دیکھو تو شب معراج میں
کیا کیا ہے احترام مصطفی

فرش رہ آنکھوں کو کیا ہے ملکنے
دیکھ کر حسن خرام مصطفی

سب گنہگاروں کو بخشینگے آپ
واہ کیا ہے لطف عام مصطفی

دل پریشان ہی ہوا ہے مجکو کیوں
عشق زلف مشک فام مصطفی

پوچھتے کیا ہو مرا نام و نشان
بندۂ حق ہوں غلام مصطفیٰ
بھیجتا ہے جو محمد پر درود
اوسکو آتا ہے سلام مصطفیٰ

کیوں نہو عشقیؔ تجھے عشق نبی
ہے ازل سے تو غلام مصطفیٰ

غزل ردیف ب

دکھا دے جلد میرے دلربا کا مجھکو در یارب
بتا دے میرے شوق دلکو میرا راہبر یارب
غم فرقت سے روتی ہیں مری چشمان تر یارب
یہ وہ ہی درد جس سے ٹکڑے ہوتا ہی جگر یارب
نہ دن کو چین آتا ہے نہ شب کو نیند آتی ہے
فراق یار میں ہے بیقراری اسقدر یارب
وہ دل بیکار ہے جسمیں نہیں ہے عشق کا جلوہ
صدف ناچیز تر ہے وہ نہیں جسمیں گہر یارب
بٹھا کر سامنے یار حسین کو دیکھتا ہوں میں
تماشہ تیری قدرت کا جو ہے مد نظر یارب
فراق یار میں مر مر کے واصل ہو گیا ہوں میں
ملا میری ریاضت کا مجھے آخر ثمر یارب
بھلا ہم کسکو چاہیں اور ہم کسکو برا سمجھیں
ہے عاجز اپنے قسمت کے نوشتہ سے بشر یارب
اوسی صورت سے کر دے اوسکے دل میں بھی جگہ میری
مرا دل بن گیا ہے جسطرح سے اوسکا گھر یارب
مرا معشوق نازک تر ہے عالم کے حسینوں سے
کہ ہوتا بار ہے اوسپر جو پڑتی ہے نظر یارب
جدائی میں مرے محبوب کی یہ حال ہے میرا
کہ رو دیتا ہے اب دشمن بھی مجھکو دیکھکر یارب

ترا عاشق ہے عشقیؔ عاقبت بالخیر ہو اسکی
بچا اسکو ہر اک شر سے پئے خیر البشر یارب

غزل

بیٹھا ہون اسطرح سے مین محو لقائے دوست
آتا نظر نہین مجھے کچھ بھی سوائے دوست

دل چاہتا ہی سر ہو مرا اور پائے دوست
سودا ہے سر مین دوست کا دلمین ہوائے دوست

اوسکے سوا کسیکو بھی ہم جانتے نہین
وہ آشنا ہمارا ہے ہم آشنائے دوست

تکلیف مین خدا کو بہت یاد کرتے ہین
دیکھو تو عین لطف ہے جو ہے جفائے دوست

اوسکے سوا نہین کوئی مجھکو عزیز تر
چاہے تو جان تک بھی ہے حاضر برائے دوست

مین دوست کا ہون دوست تو دشمن کا خیر خواہ
رکھتا نہین یہان مین کسیکو سوائے دوست

آتا خیال غیر کا دلمین مرے نہین
ایسے بھری ہے اب مرے دل مین ولائے دوست

ہوتے ہین یون خوشی مین تو ہر ایک دوستدار
بہتر ہے وہ جو کام مصیبت مین آئے دوست

کوئی بناکے کیا اوسے جسکو بگاڑے یار
کوئی بگاڑے کیا اوسے جسکو بنائے دوست

پھر مانگنے کی غیر سے کیا احتیاج ہے
جسوقت دوست آپ ہو حاجت روائے دوست

کہتے ہین سب یہ حالت مخفی کو دیکھکر
ایسا ہی اپنے دوست سے دلکو لگائے دوست

غزل

غم کیا ہے ہجر یار مین کیون مر نجائے دوست
ممکن لقائے دوست نہین بے بقائے دوست

دلمین کبھی نہ غیر کے جا ہو سوائے دوست
دلبر ہے دل کیواسطے دل ہے برائے دوست

دینار زر دیا ہے مجھے یا داغ غم دیا
ہے جائے شکر جو کہ دیا ہے عطائے دوست

آتا نظر ہی دوست کو کب عیب دوست کا
دشمن ہے کم نہین وہ جو دیکھے خطائے دوست

یارب ستا رہا ہی بہت شوق وصل یار
پونہچا دے مجھکو تا در دولت سرائے دوست

مجھکو کیا ہی عشق مین دل نے مرے خراب ... پہلو مین میرے رہتا ہے دشمن بجاے دوست
جاتا ہے جو پلٹ کے وہ آتا نہین ادہر ... رشک جنان ہے کوچہ حیرت فزاے دوست
ہر ایک کی بھلائی یہ ہے بس مری نظر ... دشمن کو بھی برا انکھون مین جا جاے دوست
عاشق کے حق مین غفلت معشوق ہی غضب ... للہ اپنے دل سے نہ مجھکو بھلاے دوست
لطف و کرم کرے کہ وہ جور و جفا کرے ... راضی ہون اوس سے مین ہی جو کچھ رضاے دوست

عشقی قدم پہ یار کے سر کو کرو نثار
رہتا ہے دوست دل سے ہمیشہ فداے دوست

حاصل ہے مجھے رتبہ عرفان محمدؐ ... آئی نظر شان خدا شان محمدؐ
ہے میری نظر مین رخ تابان محمدؐ ... دل میرا فدا جان ہے قربان محمدؐ
ہم سب نے یہ پائے ہین وجود انکے سبب سے ... یہ ایک ہی کیا لاکھ ہین احسان محمدؐ
ہے عشق مرے دلکو جو محبوب خدا سے ... رہتا ہون سدا طالب و خواہان محمدؐ
کیا خلق ہے کیا شکل ہے کیا حسن ہے کیا نور ... عاشق ہے خدا جسپہ وہ ہے شان محمدؐ
ہے یاد سدا مصحف رخسار نبیؐ کی ... کہتے ہین سب مجھے حافظ قرآن محمدؐ
دیوانہ ہون مین عشق مین محبوب خدا کے ... جنت سے ہے خوش مجھکو بیابان محمدؐ
جو بات ہے انکی وہ نہین وحی سے خالی ... فرمان خدا ہے جو ہے فرمان محمدؐ
زہرا ہے کلی اور گل ورد علیؓ ہین ... سبطین جو ہین ہین گل ریحان محمدؐ
معراج سے ہے آتے ہین نبی عرش خدا تک ... دلمین ہے مرے جلوہ پنہان محمدؐ

مولا کے سوا غیر سے کیا کام ہے عشقیؔ — **غزل** — کیا اور کو سمجھیں کہ غلامان محمدؐ

دل میں ہے بسا ہے جلوہ ایمان محمدؐ	جو حق کی صفت ہے وہ ہے شایان محمدؐ
ہے دیدہ روشن مرا ایوان محمدؐ	ہیں ہر دم دیدہ مرے دربان محمدؐ
ہر سو ہے اوسی نور کا جلوہ نظر آتا	جب دیکھتا ہوں روئے درخشان محمدؐ
ہیں زندہ جاوید ہوں خضر کی صورت	آجائیں نظر گر لب خندان محمدؐ
دل روضہ اقدس ہے تو سینہ ہے مدینہ	آتی ہے نظر اوسمیں مجھے شان محمدؐ
خوش آئیگا پھر روضہ رضوان مجھے کیونکر	ہوں بلبل شیدا گلستان محمدؐ
حافظ ہے خدا جسکا اوسے خوف ہے کسکا	ہر حال میں خالق تھا نگہبان محمدؐ
جان دیتے ہیں پروانہ صفت جن و ملایک	ہے نور خدا شمع فروزان محمدؐ
مہتابی ہے اک روضہ پرنور کی مہتاب	یہ شمس ہے اک شمسہ ایوان محمدؐ
ہیں آل نبی اور جو اصحاب نبی ہیں	ہیں سلطنت دین میں یہ اعیان محمدؐ

حضرت کی حضوری کا ہے عشقیؔ کو بہت شوق
یارب تو بنا دے اوسے مہمان محمدؐ

غزل

زندہ ہے مثل روح تن جاودان عشق	نور ازل کا حسن جو ہے ہے وہ جان عشق
وہ ہے مکیں دل یہ مرا ہے مکان عشق	الفت ہر ایک دم ہے مرا پاسبان عشق
وابستہ اس سے کیوں نہ ہے حسن کا بھی دل	سارے زمانہ میں ہے یہ یکتا جوان عشق
درد و جنون و وحشت و دیوانگی و غم	آشفتگی و رنج یہ ہیں ہمرہان عشق

اسمین ہی جنس الفت و مہر و وفا و شوق
عاشق ہین جمع گرم ہے دایم دکان عشق

دنیا کی نعمتون سے سدا دل ہے اوسکا سیر
ہی جو کوئی جہا نہین نمکخوار خوان عشق

کیا زاہدان کو عشق کے ہے حال کی خبر
اس کیفیت کو جانتے ہین میکشان عشق

کچہ درد دل ہی آفت جان سے نہین ہے کم
فتنہ گری مین ایک ہین خورد و کلان عشق

الفت نہین ہے جسمین وہ انسان ہی نہین
ہین آدمی وہی کہ جو ہین مردمان عشق

جز عشق عاشقون کو نہین اور کوئی کام
مرتے طلب مین عشق کے ہین طالبان عشق

معلوم کیا کسیکو کہ کیا چیز ہے یہ عشق
عشقی سے پوچہو حال کہ ہے قدردان عشق

غزل

کرتا ہون وصف حسن جو مین اوربیان عشق
گویا زبان حسن ہو مین اور لسان عشق

کعبہ کے ہے مقام سے اعلا مکان عشق
کرتے ملک ہین سجدہ وہ ہے آستان عشق

دنیا و دین سے کچہ نہین ہے عاشقونکو کام
دونون جہان سے یہ جدا ہے جہان عشق

بے شوق تا بہ عشق رسائی محال ہے
ہمت ہین کہتے جسکو وہ ہے نردبان عشق

بے رنگ زرد و درد دل و نالہ ہاے سرد
سب جانتے ہین اسکو کہ ہے یہ نشان عشق

اوٹہتا نہین ہے خاک سے اسکا گرا ہوا
افتادہ سمجہتے ہین افتادگان عشق

مجہکو نہ تہی یہ آتش پنہان کی کچہ خبر
دلکو جلاتا ہے مرے سوز نہان عشق

بے حسن عشق کا نہین ملتا ہے کچہ مزا
یار حسین سے ملے تو ہون کامران عشق

عاشق مزاج ہو نہین ہی دونون سے مجہکو کام
مداح حسن کا ہون کبہی مدح خوان عشق

برسیگا ابر چشم تو بہولینگے داغ دل
شاداب تر رہیگا سدا بوستان عشق

عشقی بہی جان و دل سے ہوا خواہ عشق ہے
بہولین نہ اپنے دوست کو سب دوستان عشق

غزل

سرمست ہون ازل سے ہین ہم بادہ خوار حسن
سر مین ہے بس سرور مئے خوشگوار حسن

برتر خیال و عقل سے ہین کاروبار حسن
عالم مین ایک عشق ہے بس رازدار حسن

نور ازل جمال ابد اسکی اصل ہے
ہم جانتے ہین سب سے ہی عالی تبار حسن

بیخود ہر ایک ہوتا جمال اوسکا دیکہکر
ہوتی اگر حیا نہ کبہی پردہ دار حسن

انسان کو خدا نے جو بخشی ہین خوبیان
ہے مرتبہ مین سب سے زیادہ وقار حسن

ناز و ادا ہی شوخی و افسون سے کم نہین
ہین دلبری مین ایک صغار و کبار حسن

دنیا مین جو ہے اسکا ہے بندہ بنا ہوا
اللہ کی ہے شان بت نامدار حسن

پیدا ہے حسن و عشق سے ہر دو جہان ہوئے
روز ازل جو عشق ہوا ہمکنار حسن

ہوتے ہین اسکو دیکہکے تازہ دل و جگر
آنکہون مین جان فزا ہے عجب سبزہ زار حسن

کیونکر نہ سب سے حسن کا نازک مزاج ہو
رکہتا ہے ناز سے اسے پروردگار حسن

عشقی ہے عشق و حسن سے اک محکم رابطہ
مین عشق کا ہون یار تو ہون دوستدار حسن

غزل

ہے گلشن جہان مین عجائب بہار حسن
دکہلاتا لاکہہ رنگ ہے رنگ ہزار حسن

ہر حال مین ہے عشق اطاعت گذار حسن
عاشق پہ جبر کرنے کو ہے اختیار حسن

مشہور عشق سے ہی ہوا نام حسن کا
قصہ ہمارے عشق کا ہے یادگار حسن

عاشق کو رنج ہو تو ہے معشوق کو بھی رنج
ہے بیقرار عشق کہان ہے قرار حسن

عاشق تمام دل سے جو بھرتے ہین اسکا دم
پیارا ہی سب کا جان سے بھی بڑھکے یار حسن

بیجا ہے کیا جو یار کے ہم پاؤن بھی پڑتے ہین
کرنا ضرور عشق کو ہے انکسار حسن

محبوب حق نے حسن کا جلوہ دکھا دیا
تہا مدتون سے عشق کو اک انتظار حسن

صورت ہو یار خوب تو سیرت بھی خوب ہو
اخلاق کا بھی حسن ہے زیب شعار حسن

بس خالق جمیل کو پیار اجمال ہے
رکہتا عزیز حسن کو ہے کردگار حسن

جلوہ اوسی کے نور کا ہے تحت و فوق مین
ارض و سما ہین سبکے آئینہ دار حسن

عشقی عزیز حسن سے مجکو نہین کوئی
رہتا ہون جان و دل سے سدا مین نثار حسن

غزل

خدا کے واسطے اوس بت سے مجکو عشق بازی ہے
حقیقی عشق کا زینہ یہ ہے عشق مجازی ہے

ہے رکہتا خاک پہ سر اسلئے ہر اک نمازی ہے
کہ ہوتی خاکساری سے بشر سرفرازی ہے

خدا سے ہم سوا اوسکی محبت کے نہین چاہتے
کہ حاصل ہمکو اوسکے فضل سے بے نیازی ہے

بتون کے حسن مین شان خدا کو دیکھنا عشق ہے
حسینون سے جو منظور نظر نظارہ بازی ہے

وہ شاہ حسن کو مجھ مین بلانیکی نہین طاقت
اگر وہ آپ آتا ہے تو بس بیکس نوازی ہے

جگر بہتا ہے پانی ہو کے میرا [illegible]
حرارت سے تب فرقت کی اب یہ جان گدازی ہے

اور ٹہاؤن سنج تیرے واسطے جو کچھ وہ رحمت ہے
جو بستی رہ مین ہو تیری وہ وہین سرفرازی ہے

مزا ملتا ہی لوہمین یہین اور دنیا کا عاشق کو
جہان کی بازیون مین سب سے بہتر عشقبازی ہے

فدا جن پہ ملک انسان ہی کیا ہین حسن کیتا پر
خدا ہی جسکا ہے عاشق وہ محبوب حجازی ہے

کرو وعدہ نہ کل کا وصل سے خوش آج ہی کر دو
اگر منظور ملنا ہے تو پہر کیا حیلہ سازی ہے

پریشانی مین یہ کٹتی نظر آتی نہین عشقی
شب فرقت مین کیا روز قیامت کی درازی ہے

غزل

آج دنیا مین حبیب کبریا پیدا ہوے
رحمت عالم محمد مصطفیٰ پیدا ہوے

شاہ شاہان بادشاہ انبیا پیدا ہوے
سید الابرار محبوب خدا پیدا ہوے

تہا ظہور پاک جنکا حق کو منظور نظر
وہ حبیب کبریا نور خدا پیدا ہوے

دلبر ہاشم سرور جان عبد المطلب
آمنہ خاتون کی ہین دلربا پیدا ہوے

مان گئے ابراہیم نے جن کے لئے حق سے دعا
ہین وہی مکہ مین عین مدعا پیدا ہوے

آمد آمد کی بشارت جنکی تہی عیسیٰ نے دی
وہ بشیر و مخبر خوف و رجا پیدا ہوے

دونون عالم ہین قدم سے جنکے روشن ہوگئے
عالم امکان مین وہ شمس الضحیٰ پیدا ہوے

دور جن سے تیرگی شرک و ضلالت کی ہوئی
وہ مہ پر نور وہ بدر الدجی پیدا ہوے

شق اشارے سے ہوا جنکے قمر افلاک پر
صاحب اعجاز وہ معجز نما پیدا ہوے

ابر رحمت کیطرح وہ رحمۃ للعالمین
تازہ گلزار جہان جس سے ہوا پیدا ہوے

وصف جنکا ہی خدا نے خود کیا عشقی بیان
وہ شہ دین لایق مدح و ثنا پیدا ہوے

غزل

مقتدی جنکے ہین سب وہ مقتدا پیدا ہوے | ہادی کل رہبر راہ ہدیٰ پیدا ہوے

مالک دین سرور ہر دو سرا پیدا ہوے | جنکی پیدائش سے یہ ارض و سما پیدا ہوے

بھیجتا جنپر خدا ہے اور فرشتے سب درود | وہ نبی صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ پیدا ہوے

خضر بھی تشنہ تھے جنکے چشمۂ دیدار کے | اب وہی سرچشمۂ آب بقا پیدا ہوے

فخر عیسیٰ وہ مسیحائے جہان صلِّ علیٰ | نام جنکا درد دل کے ہی دوا پیدا ہوے

معدن لطف و عنایت مخزن جود و کرم | مظہر حق مصدر مہر و وفا پیدا ہوے

صاحب خلق و ادب عالی نسب الاحسب | اشرف عالم امام الاتقیا پیدا ہوے

جنکے آبا پاک ہین طاہر ہین جنکے امہات | وہ مطہر وہ شریف الاذکیا پیدا ہوے

دستگیر بیکسان مسکین نواز و داد رس | حامی زار و غریب و بینوا پیدا ہوے

راحت دل خستگان آرام جان عاشقان | طالبونکی مقصد و مطلب روا پیدا ہوے

شاد دل کیونکر نہو عشقیؔ کہ وہ محبوب رب
سب پہ واجب جنکی ہے مہر و ولا پیدا ہوے

غزل

تم ہو مطلوب خدا محبوب داور یا نبیؐ | دوسرا کوئی نہین تمسا پیمبر یا نبیؐ

شوق ہے دیدار کا دل مین فزونتر یا نبیؐ | یکنظر مجکو دکہا دو روے انور یا نبیؐ

لیگئے تشریف تم اوس جا پہ معراج مین | جلتے ہین جس جا پہ پر جبریل کے پر یا نبیؐ

ہے بھروسا آپکا ہم عاصیون کو حشر مین | آپ ہی ہو بس شفیع روز محشر یا نبیؐ

خلد سے بہر زیارت آتی ہین حور و ملک | آپکا روضہ بھی ہے جنت سے بڑھکر یا نبیؐ

ہو اگر حاصل مجھے رویا میں رویت آپکی
جاگ اوٹھینگے خواب میں میرے مقدر یا نبیؐ

خوف ہمکو تشنگی کا روز محشر کے نہیں
آپ ہی ہیں مالک تسنیم و کوثر یا نبیؐ

اہل دین کو خوف موج بحر دنیا کا نہیں
نام تیرا کشتئ دین کا ہے لنگر یا نبیؐ

رہنمائی کا تمہارے خضر بھی محتاج ہے
آپ ہے راہ حقیقت کی ہو رہبر یا نبیؐ

عاشقونکی آپکے ہے عشق میں حالت عجب
ہے کوئی بیخود کوئی حیران و ششدر یا نبیؐ

طالب ظل ہمایون ہما عشقی نہیں
آپکے الطاف کا سایہ ہو سر پر یا نبیؐ

غزل

آپکی فرقت سے دل میرا ہے مضطر یا نبیؐ
مثل دریا بہہ رہے ہیں دیدۂ تر یا نبیؐ

پیچ دیتا ہے مجھے چرخ ستمگر یا نبیؐ
کیجیے میری دستگیری بہر حیدر یا نبیؐ

آستان پر جبہ سائی کی تمنا ہے مجھے
سنگ در وہ آپکا میرا ہو یہ سر یا نبیؐ

ہے تمنا اوڑکے جاؤن آپکے روضہ تلک
لوٹتا ہے دل مرا مثل کبوتر یا نبیؐ

در پہ اپنے اب بلا لیجے مجھے بہر خدا
درد فرقت سے ہے دل بیتاب اکثر یا نبیؐ

نشہ سے جسکے رہوں ہشیار و سرخوش میں مدام
عشق کا اپنے پلا دیجے وہ ساغر یا نبیؐ

جلوہ حق دیکھلونگا میں بھی موسی کیطرح
آپکا دیدار گر ہوگا میسر یا نبیؐ

درد دل سے سر سے سودا آپکا سینے نہ جاے
جبتلک ہے جسم میں جان و دوش پر سر یا نبیؐ

دم نکلجاے یہ تن سے ساتھ نام پاک کے
وقت مردن یا الٰہی ہو زبان پر یا نبیؐ

صدق دل سے بس زبان پر کلمۂ طیب رہے
وقت آخر خاتمہ میرا ہو بہتر یا نبیؐ

شاد عشقی کو رکھو مولا دو عالم میں سدا
واسطے شبیر کے از بہر شبر یا نبی

غزل

الٰہی دل کو میرے مثل آئینہ صفا کر دے — سراسر دور دل سے کینہ و کبر و ریا کر دے
محبت اپنی اور الفت محمد کی عطا کر دے — تصدق اپنا مجھکو مصطفےٰ پر سے فدا کر دے
سوا تیرے نہوں محتاج میں پھر غیر کا یارب — در مقصد سے پر اسطرح دست مدعا کر دے
برائے مصطفےٰ بر آئے ہر اک آرزو میرے — بحق مرتضیٰ ہر اک مرا مطلب روا کر دے
مجھے پتا دل ہے سینہ میں مرے اب کیا کروں یارب — کسی صورت سے تو دل کو مرے تسکین ذرا کر دے
ہر اک آزار سے اور رنج سے تو دے شفا مجھکو — مرے ہر ایک درد دل کی تو یارب دوا کر دے
میں بندہ ہوں تو مالک ہے میں عاجز ہوں تو قادر ہے — مرے ہر عقدہ لاحل کو یارب توہی وا کر دے
جو بیگانہ ہے تیرا اوس سے بیگانہ رہوں میں بھی — جو تیرا آشنا ہے اوس سے مجھکو آشنا کر دے
الٰہی دوست تو ہے دوست دشمن کو بھی چاہا ہے — برائی جو کرے مجھسے تو اوسکا بھی بھلا کر دے
پھرا مجھکو نہ اب تو در بدر مثل گدا یارب — جو دینا ہو مجھے تو اپنے ہی در پر بلا کر دے
ہوں عاصی مغفرت کی پر مجھے امید ہے تجھسے — نظر رحمت کی فرما عفو تو میری خطا کر دے

کیا ہے نامزد دنیا میں جیسا تونے عشقی کو
اوسے عقبیٰ میں بھی یارب غلام مصطفےٰ کر دے

غزل

سیدی انت حبیبی و شریف العربی — ففداء لک روحی مع امی و ابی

مرحبا سید لولاک شہ حجاز نسبی | افضل و اکمل و ہم منتخب و منتجبی
جب سے اوس مین ہے بہر عشق رسول عربی | دل صافی مرا آئینہ بنا ہے حلبی
نور سے اپنے کیا تجکو خدا نے پیدا | پہلے آدم سے ہے تو ہی تری عالی نسبی
مولد پاک عرب ہے عربی تیری زبان | اسلئے آیا ہے قرآن بزبان عربی
پہنے نعلین گیا عرش معلی پہ تو | مرتبہ پائے کہان سے یہ کوئی اور نبی
ہے دعا کا ترے خرمہ مین مدینہ کے اثر | ہو تہ سب چاشتے ہین ایسی ہے شیرین رطبی
جام اک وصل کا اے ساقی کوثر دیجے | ہجر مین جان ہے ہونٹوں پہ ہے تشنہ لبی
عشق محبوب الٰہی مین ہین دیوانہ ہوش | کیا خبر مجکو کہ کیا ہے ادب و بی ادبی
جز گنہ میرے عمل نیک نہین تو ہی شفیع | کر شفاعت مری یہ ہے سبب بی سببی

کر دوا درد کے اسکی اوسکے مسیحا سے جہان
در پہ اب آیا ہے عشقی پئے درمان طلبی

غزل

دل ہے عاشق ہوں تمہارا مین رسول عربی | دل و جان میری فدا تجہ پہ ہے میرے نبی
یا الٰہی ہو مجھے بار بہ بار سے نبی | جا کے محبوب سے اپنے کرون حاجت طلبی
ہے تپ ہجر مین تیرے مجھے اب تشنہ لبی | شربت وصل پلا مجکو طبیب عربی
اسے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی | مثل خورشید ہے روشن تری عالی نسبی
مرتبہ تجکو اولوالعزم کا حق نے بخشا | کر دیا ختم رسل اور رسول اور نبی
ترا حافظ تہا خدا اسلئے کچھ چل نہ سکا | جہل بو جہل کا آتشزنی بولہبی

پہر ہوا دوسرا اب کوئی نہ لایق ہو سکے
کیا ترے جسم پہ تشریف رسالت ہی بہی
درد فرقت سے ترے دل ہی بہت آزردا
کچہ دوا درد کی کیجے مرے والا نسبی
وصل سے اپنے عطا کر مرے دل کو تسکین
ہجر مین تیرے شب و روز ہے اک مضطربی
عقل کل کی نہین طاقت کہ جو پہچان سکے
کیا ترے رتبہ کو پہونچے یہ مراد من غبی
مدح مین تیری ہلانے کی نہین ہے طاقت
رہتی ہے نوک زبان عجز سے وا تو نین دبی

آخری وقت مین دیدار دکہا دے للہ
اب ہے عشقی کو جدائی سے تری جان بلبی

مخمس عشقی بر غزل قدسی

مرحبا ختم رسل تاج سر جملہ نبی
مرحبا صاحب عالی نسبی و حسبی
مرحبا خیر وری ہاشمی و مطلبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

کیا ترے حسن خداداد کا ہو وصف رقم
پہرتے ہین جملہ حسینان جہان تیرا دم
کیا تری بات ہے کیا حسن ہے خالق کی قسم
من بیدل بجمال تو عجب حیرانم
اللہ اللہ چہ جمالست بدین بوالعجبی

نور سے اپنے ترا نور کیا حق نے جدا
وہی منشا ہوا منشا تری پیدایش کا
اک تری وجہ سے پیدا ہوئے ہین ہر دو سرا
نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

جب شریعت کا ترے ہو گیا نافذ منشور
ہوا منسوخ تہا انجیل میں جو کچہ مذکور
یکقلم نسخ ہوا نسخۂ توریت و زبور
ذات پاک تو کہ در ملک عرب کرد ظہور
زان سبب آمدہ قرآن بہ زبان عربی

کر کے طے مسجد اقصیٰ کے وہ رہ اور وہ دشت
لامکان عرش کی اکدم میں کی تو نے گلگشت
چرخ ہفتم پہ گیا دیکھلئے جنت ہشت
شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت
بمقامے کہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

ابر رحمت سے ترے تازہ ہے گلزار انام
جس سے شاداب شجر ہی ہیں وہ ہے فیض عام
سینچنے سے ہر ایک کا ہوا لہلہا ہے باغ مرام
نخل بستان مدینہ ز تو سر سبز مدام
زان شدہ شہرہ آفاق بہ شیرین رطبی

تری فرقت میں مری ہو گئی حالت ابتر
ترے دیدار کو روتے ہیں مرے دیدۂ تر
جان ہو ٹوٹنے سے ٹکڑے ہوا جاتا ہے جگر
چشم رحمت بکشا سوے من انداز نظر
اے قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

آتش ہجر سے جلتا ہے کلیجہ دن رات
شربت وصل پلا ہمکو دے اس غم سے نجات
طپش غم سے ہی اب تشنگی از حد ہیہات
ما ہمہ تشنہ لبانیم تو ئی آب حیات
رحم فرما کہ زحد میگذرد تشنہ لبی

ہے ترا بیت مقدس شرف بیت حرم
تری دربانی کا جبریل کو ہے فخر اَتَم
جسمیں رکہتا نہیں بے اذن فرشتہ بہی قدم
نسبت خود بہ سگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بہ سگ کوی تو شد بے ادبی

دل میں ہے سدا تپ ہجر سے بیچین ہے جی — شربت وصل پلا مجھکو طبیب روحی

دیکھکر عشق میں عشقی کی بہت بیتابی — سیدی انت حبیبی و طبیب قلبی

آمدہ سوئے تو قدسی پئے درمان طلبی

سلام عربی

يَا شَفِيعَ الوَرَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ — يَا نَبِيَّ الهُدَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ

خَاتَمَ الأَنْبِيَا سَلَامٌ عَلَيْكَ — سَيِّدَ الأَصْفِيَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

أَحْمَدُ لَيْسَ مِثْلُكَ أَحَدٌ — مَرْحَبًا مَرْحَبًا سَلَامٌ عَلَيْكَ

وَاجِبٌ حُبُّكَ عَلَى المَخْلُوقِ — يَا حَبِيبَ العُلَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

أَعْظَمُ الخَلْقِ أَشْرَفُ الشُّرَفَا — أَفْضَلُ الأَذْكِيَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

كَشَفَتْ مِنْكَ ظُلْمَةُ الظُّلَمِ — أَنْتَ بَدْرُ الدُّجَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ

طَلَعَتْ مِنْكَ كَوْكَبُ العِرْفَانِ — أَنْتَ شَمْسُ الضُّحَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ

مَهْبَطُ الوَحْيِ مَنْزِلُ القُرْآنِ — صَاحِبُ الأَهْدَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ

إِنَّكَ مَقْصَدِي وَمَلْجَائِي — إِنَّكَ مُدَّعَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

مَطْلَبِي لَيْسَ يَا حَبِيبُ سِوَاكَ — أَنْتَ مَطْلُوبُنَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

سَيِّدِي يَا حَبِيبُ مَوْلَائِي — لَكَ رُوحِي فِدَا سَلَامٌ عَلَيْكَ

هَذَا أَقُولُ عَلَامُكَ عِشْقِي

مِنْهُ يَا مُصْطَفَىٰ سَلَامٌ عَلَيْكَ

سلام اُردو

اے شہ دوسرا سلام علیک — احمدؐ مجتبےٰ سلام علیک
سرور اولیا سلام علیک — یا حبیب خدا سلام علیک
آپ پر ہو درود نامعدود — اور بے انتہا سلام علیک
خود خدا اور ملائکہ اوس کے — بھیجتے ہین سدا سلام علیک
آل پر ہو تحیت و تسلیم — صلوٰۃ و ثنا سلام علیک
عاصیون کے ہو تم شفاعت خواہ — تا بروز جزا سلام علیک
ذات اقدس ہے رحمت عالم — واہ صل علےٰ سلام علیک
ہادی جن و انس رہبر حق تو — دین کے رہنما سلام علیک
دستگیر جہان ہو تم بیشک — سب کے حاجت روا سلام علیک
اے مربی غریب و مسکین کے — خلق کے پیشوا سلام علیک
قلزم فیض آپکا ہے روان — بحر جود و سخا سلام علیک

بھیجتا جان و دل سے ہے عشقی
دم بدم دائما سلام علیک

غزل

غیرون سے احتراز ہے اوس بے نیاز ہے — صبح و مسا بھی اور از وزہ نماز ہے
گردن خمیدہ مین ہون تو وہ سرفراز ہے — اون بے نیاز حکو اوشین سجھے ناز ہے
فرقت مین کیا ٹپکتا ہے پروانہ سیرپہان — وان شمع کو بھی ہجر مین سوز و گداز ہے

منظور چشم دل سے ہی نظارہ یار کا
عاشق بہی چشم دوختہ مانند باز ہے

راز دنیا ز عاشق و معشوق مین جو ہین
مین کیا کہون کسی سے کہ پوشیدہ راز ہے

دیکہو دیار عشق مین نیرنگ حسن کا
محمود ہے غلام تو مالک ایاز ہے

مجکو نہین ہے غیر سے کچہ حاجت نیاز
ہر وقت مین کریم مرا کارساز ہے

کوتاہ دست چاہیئے دنیا کی حرص سے
کیا فائدہ اے شیخ جو ریش دراز ہے

کردے اگر وہ چاہے تو ذرہ کو آفتاب
اوسکے سوا بہی پہر کوئی نکتہ نواز ہے

عاشق مین یار کا ہون پری ہو تو کیا کرون
نا جنس سے ہمیشہ مجہے احتراز ہے

دیکہو تو یار کون ہے اغیار کون ہے
عشقی خدا نے دی نظر امتیاز ہے

مناجات عربی

يَا اِلٰهِي اَنْتَ مَوْلَائِي وَرَبُّ الْعَالَمِين
نَعْبُدُ اِيَّاكَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِين

اَنْتَ حَيٌّ وَالْقَدِيمُ وَالْعَلِيمُ وَالْمُرْشِدُ
وَالْكَلِيمُ وَالسَّمِيعُ وَبَصِيرُ الطَّالِبِين

اَنْتَ غَفَّارٌ حَلِيمٌ قَادِرٌ رَبٌّ رَحِيمٌ
اِنَّنِي عَبْدٌ ضَعِيفٌ مُذْنِبٌ وَالْمُسْتَكِين

اَنْتَ وَهَّابٌ وَوَلِيٌّ مُغِيثٌ مُغْنِي
اِنَّنِي يَا رَبِّ مِسْكِينٌ فَقِيرٌ وَالْمَهِين

اَنْتَ مَنَّانٌ وَسَتَّارٌ كَفِيلٌ وَالْكَرِيمُ
اِنَّنِي عَبْدٌ حَقِيرٌ وَالذَّلِيلُ وَالْحَزِين

قَدْ اَصَابَتْنِي خَطَايَا مِنْ يَمِينٍ وَالْيَسَارُ
اَعْفُنَا وَاغْفِرْ لَنَا يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِين

يَا اِلٰهِي اَعْطِنَا خَيْرًا كَثِيرًا دَائِمًا
كَيْ اَكُونَ فَارِغًا مِنْ زَحْمَةِ الدُّنْيَا وَدِين

رب هب لي من سرور القلب والنور البصر ۞ والقواء الجسم لطاعاتك في كل حين

بسمك يا ربنا يا خير مسؤول به ۞ اعطنا توفيق ترتيل القرآن مبين

بالنبي المصطفى يا ربنا بالعترة ۞ بالصفي والاولياء والانبياء والمرسلين

ربنا اغفر لنا واغفر آبائنا امهاتنا ۞ ثم كل المؤمنين ثم كل المسلمين

وله

انت هادي اهدنا ربي صراط الصالحين ۞ هب لنا وارحم علينا يا امان الخائفين

لا دعائي الا منك يا عليم المدعا ۞ لا سؤالي الا منك يا مجيب السائلين

انجينا ربنا من شر كل ما خلق ۞ من شرور المؤذين المفسدين الحاسدين

عافني من شر اعداء وخناس نحيهم ۞ من شرور الجنة والناس شر الظالمين

ربنا احفظ من الآفات من كل البلا ۞ ثم من حزن وغم انت خير الحافظين

ربنا ارزقنا رزقا حلالا طيبا ۞ انت خير الواسعين انت خير الرازقين

اعطني خير الكثير والامان والفلاح ۞ والفراغ والغنا ثم لسان الشاكرين

اعط ايمانا وعرفانا وعلما والعمل ۞ ثم اعزازا واخلاصا وصدقا واليقين

انت مولائي ورزاقي ومولاء الجليل ۞ ليس معطوني سواك يا غياث والمعين

كل آمالي اليك اسمي غلام مصطفى ۞ رب اغفر لي وارحم انت خير الراحمين

ربنا ابلغ نبينا منك اتحاف السلام
ثم آل الطيب واهلبيت الطاهرين

ولہ

رَبَّنَا هَبْ لِي لِسَانًا ذَاكِرًا — يَا اِلٰهِي اَعْطِ قَلْبًا شَاكِرًا
ثُمَّ اجْعَلْنِي غَنِيًّا قَانِعًا — رَاضِيًا مِنْكَ شَكُورًا صَابِرًا

رباعی

دنیا کا خیال ہے کہ خواب غفلت — بیخود ہے ہر اک پیکے شراب غفلت
یان کس لیے آئے تھے کئے کیا کیا کام — اتنا تو کرے کوئی حساب غفلت

ولہ

۵٦٣٦۴

مطلب مجھے ادنی سے نہ اعلی سے ہے — کچھ کام نہ دنیا سے نہ عقبی سے ہے
بندہ مین خدا کا ہون اوسیکی ہے طلب — عشقی مجھے کام میرے مولا سے ہے

قطعہ تاریخ طبع گلدستہ ہذا از مصنف

اس تاریخ مین لفظ (جان) جسکے لفظی معنے روح کے اور مرادی معنے محبوب کے ہین باضافت لام معقول ومقبول پڑہین تو یہ لفظ دو معنون کو شامل ہوگا اگر بلا اضافت لام بمعنی امر جسکا مصدر ہندی مین جاننا ہے پڑہا جاوے تو دونا لطف حاصل ہوگا۔

ملی طبع کی کیا یہ تاریخ عشقی — ہے تاریخ مطبوع ومعقول جان
یہ ہاتف نے مصرع کہا گوش دل مین — یہ اشعار عشقی ہے مقبول جان

قطعہ تاریخ طبع از نتایج افکار جناب مولوی محمد نصیر الدین صاحب تخلص ناصر

چھپائے اندنون نا کچھ بہ طبع زاد اشعار اپنے — مرے مخلص غلام مصطفے عشقی تخلص
سر انصاف سے ناصر نے یہ تاریخ لکھی — جہان قابل ہے عمدہ فکر سے ہے نیکو تفحص

۱۳۱۴ھ

تمام شد

بحسن سعی غلام نبی